حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

شہید ضیاء الحق نمبر

ضیاء شہید
کے خون سے غداری
کرنے والوں کا انجام
کیا ہونے والا ہے

مرد آہن سندھ
جام صادق علی کی
بادشاہت کب تک
رہے گی۔



حکومتِ پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

نوجوان نسل کا اردو/انگریزی زبان میں
شائع ہونے والا واحد بین الاقوامی جریدہ

جلد نمبر ۳ شمارہ نمبر ۶، ۷ اگست ۹۱

اس شمارے میں

اداریہ آہ شہید عالم اسلام ضیاء الحق..........
انٹرنیشنل پارلیمانی یونین کا انتخاب..........
مجاہد عالم اسلام..........
حریت پسندوں کا ہیرو..........
ایک عہد ساز شخصیت..........
صبر و تحمل کا پیکر ضیاء الحق..........
صدر ضیاء شہید جنرل کے ایم عارف کی نظر میں..........
شہید ضیاء مشائخ کی نظر میں..........
جنرل ضیاء الحق شہید جنرل (ریٹائرڈ) جہانداد خان کی نظر میں..........
شہید ضیاء فیض رسول کے نظر میں..........
شہید ضیاء صاحبزدہ نعیم الرحمن نعیمی کی نظر میں..........
ضیاء الحق شہید فاونڈیشن کے اغراض و مقاصد..........
پاکستان اورسیز پرموٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد صدیق خان کا خصوصی انٹریو..........
ابھرتی ہوئی اداکارہ راحلیہ سے ملاقات..........
سندھ کی تاریخ ساز شخصیت جام صادق علی کے بارے میں خصوصی تجزیہ..........
تصویری جھلکیاں..........

ایڈیٹر انچیف: محمد صدیق القادری
ایڈیٹر اعزازی: محمد جمیل قریشی
اسسٹنٹ ایڈیٹر: غلام مرتضٰے القادری، مس روبینہ

تزئین و آرائش: خلیل شاہد
خطاطی: محمد یوسف گوندل
فوٹو گرافر: فرمان قریشی، صغیر احمد، تبسم
ایکسپورٹ مینجر: تنویر صدیق
سرکولیشن مینجر: توصیف القادری

سالانہ خریداری کی شرح

پاکستان	350 روپے سالانہ
بنگلہ دیش،	500 روپے سالانہ
متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، عمان، قطر، کویت، بحرین، بھارت اور افریقی ممالک	600 روپے سالانہ
امریکہ، جرمنی، فرانس، کوئنڈا، برطانیہ	675 روپے سالانہ

نوٹ:-
سالانہ خریدار بننے کے خواہش مند حضرات مطلوبہ رقم کا بینک ڈرافٹ اپنے نام اور مکمل پتے کیساتھ یوتھ انٹرنیشنل

یوتھ انٹرنیشنل میگزین پوسٹ بکس 2346 لاہور پاکستان
پبلیشر محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹر رائل پارک لاہور سے چھپوا کر ایوان اوقاف بلڈنگ نزد پرانا سٹیٹ بنک شاہراہ قائداعظم لاہور پاکستان سے شائع کیا۔

شیخ عبداللہ بن عبدالعزیز کراؤن پرنس آف سعودی عرب

اداریہ

آہ شہید عالم اسلام ضیاء الحق

ہماری قومی زندگی میں ۱۷۔ اگست کا دن سیاہ ترین ہے۔ ۱۷۔ اگست کے دن عظیم محسن، چیف ایگزیکٹو، صدر پاکستان، چیف آف آرمی سٹاف جنرل محمد ضیاء الحق کو ایک سفاکانہ مجرمانہ بین الاقوامی سازش کے ذریعے ایسے وقت شہید کیا گیا جب وہ اعلیٰ فوجی جرنیل اور افسروں کے ساتھ گورنمنٹ یونیفارم میں پیشہ وارانہ فرائض میں بہاولپور میں مصروف تھے یہ قومی سانحہ ہماری تاریخ میں ہمیشہ کے لیے قابل مذمت رہے گا۔ دنیا میں ہر ملک کے عوام اپنے خوشی اور غمی کے ایام انتہائی جوش و جذبے کے ساتھ مناتے ہیں۔ فتح و کامرانیوں پر ناز اور غمی کے ایام پر اپنا احتساب کرتے ہیں جہاں ہم ۱۴۔ اگست کا دن یوم آزادی کے نام پر انتہائی جوش و جذبے کے ساتھ مناتے ہیں وہاں قومی حادثات اور سانحوں کو بھی اپنا احتساب کرنے کے لیے اسی جوش و جذبے کے ساتھ منانا چاہیے۔

یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے ۱۷۔ اگست کا دن ہمارا قومی سانحہ کا دن ہے اس دن پاکستان کے عظیم سپہ سالار جنرل محمد ضیاء الحق نے قومی خدمت کرتے ہوئے اپنی جان نچھاور کر دی تھی در حقیقت جنرل ضیاء الحق ہمارے عظیم قومی ہیرو ہیں جو قومیں اپنے قومی سانحہ اور قومی ہیرو کو بھول جاتی ہیں ان کا مستقبل ہمیشہ تاریک رہتا ہے۔

قومی مفادات کا تقاضا تھا وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف شہید جنرل ضیاء الحق کی قومی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ۱۷۔ اگست کو سرکاری تعطیل کا اعلان کرتے تاکہ پاکستان قوم اس المناک حادثے کی یاد مناتے ہوئے اپنے قومی ہیرو کو ہمیشہ کے لیے خراج عقیدت پیش کرتی رہتی۔

مقام افسوس ہے شہید ضیاء الحق کی تیسری برسی کے موقعہ پر آئی جے آئی کی حکومت جس میں شہید کے اپنے فرزندان محمد اعجاز الحق، اور ڈاکٹر انوار الحق وزارتوں کا قلمدان سنبھالے ہوئے ہیں موجودہ حکومت کا عملاً حصہ ہیں اسی حکومت کے دور میں سرکاری ذرائع ابلاغ شہید ضیاء الحق کے بارے میں انتہائی سرد مہری کا مظاہرہ کر کے قابل شرم رویہ اپنائے ہوئے ہے۔

پاکستان کے عوام خصوصاً ضیاء شہید کے شیدائی حیران و پریشان ہیں تیسری برسی کے موقعہ پر ضیاء شہید کی جانشینی کا دعوے کرنے والوں کے دور میں ایک سازش کے تحت جنرل ضیاء کی عالمی سطح کی شخصیت کو پس پردہ کیوں رکھا گیا ہے۔ سرکاری سطح پر ضیاء شہید کی ملکی اور بین الاقوامی تاریخی خدمات کا اعتراف کیوں نہیں کیا گیا۔ سفری تکالیف اور شدید گرمی برداشت کر کے اپنے عظیم محسن اور قومی ہیرو کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے آنے والوں کے لیے سرکاری سطح پر حوصلہ شکنی کی مہم کیوں چلائی جا رہی ہے۔

نواز شریف حکومت کی کچن کابینہ میں شامل ایک مشیر برسی کو ناکام بنانے کے لیے سرکاری اداروں اور ذرائع و ابلاغ کو کیوں استعمال کر رہے ہیں نواز شریف حکومت جنرل ضیاء شہید کے مجرموں کو بے نقاب کرنے سے کیوں خوف زدہ ہے۔ شہدائے بہاولپور کے خون سے کھلم کھلا غداری کن قوتوں کے اشارے پر ہو رہی ہے۔ عوام کے ذہنوں میں ابھرنے والے سوالوں کا جواب حکمرانوں کے پاس نہیں جس سے عوام میں موجودہ حکومت کے بارے میں شک و شبہات پیدا ہو رہے ہیں تیسری برسی کے موقعہ پر نواز شریف کے چہیتے مشیر اطلاعات کی غلط حکمت عملی کی وجہ سے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر موجودہ حکومت کو شدید دھچکا لگا ہے مشیر اطلاعات جن کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ سرکاری ذرائع و ابلاغ میں اپنے علاوہ کسی کی بھی پروجیکشن نہیں چاہتے جنہیں ذاتی شہرت کا حد درجہ جنون ہے عوام موجودہ مشیر اطلاعات کی ناقص پالیسی سے سخت نالاں نظر آ رہے ہیں ہمارا میاں نواز شریف کو انتہائی مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ موجود مشیر اطلاعات شیخ رشید احمد کے حال پر رحم کریں انہیں خواتین کی وزارت دے دیں وزارت اطلاعات و نشریات کا قلمدان ان کے بس کا روگ نہیں ہمارے خیال میں اطلاعات نشریات کی وزارت راجہ ظفر الحق، میاں عبدالستار لالیکا، الٰہی بخش سومرو، فصیح الدین وردگ جیسی سلجھی ہوئی کسی شخصیت کے سپرد کریں جو اس وزارت کو عوامی امنگوں کے مطابق چلانے کی صلاحیت و اہلیت رکھتی ہیں۔

محمد صدیق القادری

ایڈیٹر انچیف

انٹرنیشنل پارلیمانی یونین کے صدارتی انتخاب کیلئے گوھر ایوب کی مہم

اطلاعات کے مطابق پاکستان کی قومی اسمبلی کے سپیکر جناب کیپٹن گوھر ایوب خان انٹرنیشنل پارلیمانی یونین کی صدارت کا انتخاب لڑ رہے ہیں حکومت پاکستان بین الاقوامی سطح پر جناب گوھر ایوب خان کی حمائت میں بڑے زور و شور سے مہم چلا رہی ہے کئی وفود کو کنویسنگ کیلئے بیرونی ممالک کے باہر بھیج رہی ہے انٹرنیشنل پارلیمانی یونین کی صدارت پاکستان کو ملنے پر ہمارے ملک و ملت کا وقار بلند ہو گا۔ اس بلند و بالا عہدہ حاصل کرنے کیلئے حکومت پاکستان کی کوششیں قابلِ تعریف ہیں اس سلسلہ میں حکومت کو اپوزیشن کا بھی تعاون حاصل کرنا ضروری ہے کنویسنگ کیلئے جانے والے پارلیمانی وفود میں اپوزیشن کو بھی نمائندگی دینا قومی مفادات کے عین تقاضوں کے مطابق ہے۔

انٹرنیشنل پارلیمانی یونین کے انتخابات میں پی ڈی اے کی طرف سے جناب گوھر ایوب خان کی مخالفت ہماری سمجھ سے بالاتر ہے سپیکر کی شخصیت پر الزامات کا سلسلہ بھی قابلِ افسوس ہے۔

جہاں تک گوھر ایوب خان کی جمہوریت پسندی کا تعلق ہے گوھر ایوب نے بحیثیت سیاستدان اور بحیثیت سپیکر اپنے جمہوری ذہن ہونے کا بے مثال ثبوت دیا ہے۔ جمہوریت کی بحالی اور جمہوریت کے فروغ میں جناب سپیکر گوھر ایوب کا کردار ہمیشہ قابلِ تعریف رہا ہے ماضی میں کبھی بھی چور دروازے یا غیر جمہوری طریقے سے اقتدار میں نہیں آئے۔ بلکہ وہ خود سپیکر شپ کے خواہشمند نہیں تھے جبکہ آپ جمہوری طریقے سے اکثریتی ووٹ لے کر سپیکر منتخب ہوئے سپیکر کی حیثیت سے انہوں نے ہر اہم مرحلے پر اپوزیشن کو مکمل آزادی دی۔ اپوزیشن کی مشکلات کا ازالہ کیا حتیٰ کہ محترمہ بے نظیر بھٹو کے خاوند اور اپوزیشن رکن قومی اسمبلی آصف علی زرداری کو درپیش تکالیف کے ازالہ میں مثالی کردار ادا کیا جناب گوھر ایوب نے حکومت اور اپوزیشن کے مابین افہام و تفہیم کیلئے فراخدلی کے ساتھ پُر عزم اقدامات کئے قابلِ ذکر بات ہے ان کی سپیکر شپ میں کسی اپوزیشن ممبر کو پارلیمنٹ سے اُٹھا کر باہر نہیں پھینکا گیا اور نہ ہی اپوزیشن ممبران کی آواز کو دبا کر تذلیل کرنے کی کوشش کی گئی حالانکہ حکمران پارٹی کے اکثر ارکان سپیکر صاحب کی غیر جانبداری سے نالاں نظر آتے ہیں۔ ہماری اس موقعہ پر پی ڈی اے کے تمام معزز اراکین کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ جمہوریت کے تحفظ قومی مفادات کے حصول اور جمہوری اداروں کے استحکام کیلئے انٹرنیشنل پارلیمانی یونین کے صدارتی انتخاب میں معتدل مزاج اور روشن خیال، بااصول، غیر جانبدار جمہوریت پسند شخصیت جناب گوھر ایوب خان پاکستان کی پارلیمنٹ کے سپیکر کی مخالفت کرنے کی بجائے ملک و ملتِ عزت و وقار کیلئے بھرپور حمائت کر کے اس اعلیٰ ترین عہدے کے حصول کی حمائت کیلئے مہم چلا کر جمہوریت پسندی کا ثبوت دیں تاکہ مہذب دنیا کے ملکوں میں ثابت کیا جاسکے کہ پاکستان کی اپوزیشن پارٹیز اور حکمران پارٹیز جمہوریت پسند ہیں جمہوری اداروں کے تحفظ کیلئے مشترکہ جدوجہد کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ گوھر ایوب اس اعلیٰ ترین منصب کیلئے کامیابی اور کامرانی سے نوازے۔

محمد صدیق القادری

ایڈیٹر انچیف

مجاہدِ اسلام

جنرل محمد ضیاء الحق ۱۷۔ اگست ۱۹۸۸ء کو اس دنیا سے رخصت ہوئے تو کہرام مچ گیا۔ ان کی یاد گھر گھر میں تھی' ان کے چراغ دل دل میں تھے۔ تاریخ کے صفحات پر وہ ایسے نقوش چھوڑ گئے جنہیں مٹایا نہیں جا سکتا۔ ۱۲۔ اگست ۱۹۲۴ء کو انہوں نے اس دنیا میں قدم رکھا تو وہ جالندھر کے ایک عام سے گھرانے میں پیدا ہونے والے عام سے بچے تھے۔ منہ میں سونے کا چمچہ تھا نہ چاندی کا۔ ان کے والد کا تعلق درمیانے طبقے سے تھا۔ خاندان البتہ اللہ اور اس کے رسول ؐ کی محبت سے مالا مال تھا۔ گھر والوں کی جبینیں سجدوں سے روشن تھیں۔ وہ قناعت کی دولت میں مگن تھے' سادگی ان کا بچھونا تھی' اور کفایت شعاری ان کا زیور۔ رزق حلال سے زندگی کی توانائی حاصل کرنے والے یہ لوگ اپنے جاننے والوں میں بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔

محمد ضیاء الحق نے میٹرک تک آبائی قصبے ہی میں تعلیم حاصل کی' بعد ازاں قسمت انہیں سینٹ سٹیفنز کالج دہلی لے گئی۔ بی اے کے آخری سال میں تھے' جنگ عظیم جاری تھا کہ انہوں نے فوج میں بھرتی ہونے کا فیصلہ کیا' اور کمشن حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ فوجی تربیت غیر منقسم ہندوستان کے موونٹگ سکول میں حاصل کی۔

۱۲۔ اگست ۱۹۴۵ء کو انہوں نے کمشن حاصل کر لیا۔ اب وہ سیکنڈ لیفٹیننٹ تھے' اور ان کے سامنے زندگی کا وسیع میدان تھا۔ کسے خبر تھی کہ فتوحات قدم قدم' اس نوجوان کا انتظار کر رہی ہیں۔۔۔ وہ ۱۳۔ لانسرز سے وابستہ ہوئے' اور داد شجاعت دینے کے لئے بہار روانہ کر دیئے گئے۔ ابتدا ہی سے اسلامی فرائض اور شعار کے سختی سے پابند تھے۔ طالب علمی کے زمانے میں بھی نماز ان کی بہترین رفیق تھی۔ عید کا دن آیا تو انہوں نے شلوار کرتا پہنا' اور اسی لباس میں میس میں داخل ہو گئے۔ اس "جرم" میں ان کا تبادلہ ٦۔ لانسرز میں کر دیا گیا۔ جنگ کے آخری مرحلے میں وہ ملایا اور جاوا میں اپنے فرائض ادا کر رہے تھے۔۔۔

۱۴۔ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان وجود میں آیا' تو نوجوان ضیاء الحق کی آنکھیں بھی مسرت میں ڈوب گئیں' ہاتھ نئے وطن کی سلامتی اور استحکام کی دعا کے لئے اٹھ گئے۔ وہ پاکستان بننے سے پہلے ہی پاکستانی تھے۔ پاکستان کے لئے سوچنا' ان کو محبوب تھا۔ انہوں نے فوراً اپنی خدمات پاکستان کے لئے پیش کر دیں۔ ان کا سب کچھ ان کے وطن کا تھا۔ اس وطن کا جس میں تکبیر کی صدائیں گونجنا تھیں' اور جس کے لئے جان دینے والے' اسلامی انقلاب کی آرزو میں سرشار تھے۔ اللہ کی زمین پر اللہ کی حکومت قائم کرنا جن کی زندگی کا مقصد تھا۔ محمد ضیاء الحق نے بھی لاکھوں فرزندان توحید کی طرح اپنا گھر بار' اپنا مال متاع چھوڑ کر پاکستان کا رخ کیا۔ خالی ہاتھ گھر والوں کے ساتھ' اللہ کے سہارے پاک سرزمین پر قدم رکھا۔

ان کا تقرر نو تشکیل آرمرڈ کور میں ہوا' نوشہرہ ان کا پہلا پڑاؤ تھا۔ وہ جرات میں بوائز ونگ کے کمانڈر مقرر ہوئے' زیر تربیت نوجوان اپنے دن کا آغاز کرنے کے لئے ایک جگہ جمع ہوتے' تو قرآن پاک کی تلاوت فضا میں رس گھول دیتی۔ فوج کا کوئی اجتماع اس سے پہلے اس لذت سے آشنا نہیں تھا۔

ستمبر ۱۹۵۰ء میں انہیں گائیڈز کیولری کوہاٹ میں کوارٹر ماسٹر مقرر کیا گیا۔۔ یہاں انہیں ایسے ساتھی ملے کہ جن سے رفاقت زندگی بھر قائم رہی۔ فضل حق' امیر گلستان جنجوعہ' پیر عبداللہ شاہ' ہاشم علی خان' عباس درانی' علی امام کے ساتھ اس دور کی یادیں وابستہ ہیں۔

۱۰۔ اگست ۱۹۵۰ء کو ان کی زندگی میں خوشگوار تبدیلی آئی۔ ان کی خالہ زاد شفیق شریک زندگی بن گئیں۔ ازدواجی مسرتوں کی آغوش میں سال' لمحوں میں تبدیل ہوتے گئے۔ دو بیٹے اعجاز الحق اور انوار الحق اور تین بیٹیاں اس حسین رفاقت کی یادگار ہیں۔ سب سے چھوٹی بیٹی زین' پیدائشی معذور تھی۔ لیکن ضیاء الحق نہ گھبرائے' نہ شرمائے' انہوں نے جگر کے اس ٹکڑے کو بھی دل سے لگائے رکھا۔۔ اور معذور بچوں کے والدین کو مصائب کا سامنا کرنے کا حوصلہ عطا کرتے رہے۔

کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ سے ۱۹۵۵ء میں امتیاز کے ساتھ گریجوایشن کی اور بعد ازاں کئی عسکری تربیتی اداروں میں استاد کی حیثیت سے تربیت دیتے رہے۔ اس ایک چراغ سے کئی چراغ روشن ہوتے گئے۔

۱۹۵۶-۵۷ء میں ۳ آرمرڈ بریگیڈ میں بریگیڈ میجر مقرر ہوئے۔ ۱۹۶۰ء سے ۱۹۶۳ء تک جی ایچ کیو کے ملٹری آپریشنز ڈائریکٹوریٹ میں جنرل سٹاف افسر کے طور پر مامور رہے۔ ۱۹۶۳ء میں فورٹ لیون ورتھ امریکہ سے ایسوسی ایٹ کمانڈ اور جنرل سٹاف آفیسرز کورس میں کامیابی حاصل کی۔ واپس آئے تو کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ میں انسٹرکٹر مقرر ہوئے۔

پانچ سال کی عمر میں اپنے والد محترم کے ساتھ



فخر عالم اسلام جنرل محمد ضیاء الحق شہید

انہوں نے مردانہ وار جان دی۔۔ اور اہل پاکستان کے لئے زندگی کی علامت بن گئے۔

حریت پسندوں کا ہیرو

مارگلہ پہاڑیوں کے دامن میں' فیصل مسجد کے سامنے عجلت سے تعمیر کیا جانے والا ایک سادہ سا مزار شہید ضیاء الحق کا آخری مسکن ہے۔ اس کے سامنے کبھی کوئی چھوٹی اور کبھی کوئی بڑی بس آکر رکتی ہے۔ کبھی بسوں کی لمبی قطار لگ جاتی ہے۔ ان میں افغان مجاہدین سوار ہوتے ہیں۔ وہ یہاں آتے' اور محو آرام شخص کے لئے دعائیں مانگتے ہیں۔ کبھی کوئی پرجوش نوجوان مزار کے سامنے کھڑا ہو کر فوجی سلام پیش کرتا ہے' اور کبھی حریت پسندوں کی کوئی ٹولی بے ساختہ "شہید ضیاء الحق زندہ باد" پکار اٹھتی ہے۔

کیپٹن ضیاء الحق

۱۹۶۵ء کی جنگ شروع ہوئی' تو انہیں نو تشکیل انفنٹری ڈویژن میں پہلے اسسٹنٹ ایجوٹنٹ اور پھر کوارٹر ماسٹر جنرل بنایا گیا۔ وطن کی سرحدوں نے ان کو آواز دی تھی' اور لاریب وہ پیچھے ہٹنے والوں اور پیٹھ دکھانے والوں میں نہیں تھے۔ وہ اسلام اور پاکستان کے سپاہی تھے' مردانہ وار آگے بڑھے' اور سرحدوں کی حفاظت کے لئے اپنا سینہ کھول دیا۔

۱۹۶۶ء میں انہیں 1 آرمرڈ ڈویژن میں جنرل سٹاف آفیسر بنایا گیا کہ اس وقت وہ لیفٹیننٹ کرنل بن چکے تھے۔ ۔ ء میں بریگیڈیئر بنے تو 9 آرمرڈ بریگیڈ کھاریاں کی کمان سنبھالی۔

بریگیڈیئر محمد ضیاء الحق کی خدمات دو سال کے لئے اردن کی دوست حکومت کے سپرد کی گئیں۔ یہاں انہوں نے اہلیت کا سکہ بٹھا دیا۔ اس مملکت کو استحکام اور توانائی دی' اس کی فوجی صلاحیت میں اضافہ کیا۔ پاکستان اور اردن کی دوستی کو نئی وسعت عطا کی۔ شاہ حسین نے انہیں "استقلال کلاس میڈل" اور "کوکب کلاس میڈل" کے اعلیٰ اعزازات سے نوازا۔

اردن سے واپس آئے تو تین سال تک (۱۹۷۲ء تا ۱۹۷۵ء) ون آرمرڈ ڈویژن کی قیادت کی۔ ایک سال تک (۱۹۷۵ء تا ۱۹۷۶ء) 2 کور ملتان کی رہنمائی کے فرائض انجام دیئے۔

مارچ ۱۹۷۶ء میں ان کے کاندھوں پر چار ستارے جگمگائے۔ وہ چیف آف آرمی سٹاف بنا دیئے گئے۔ اس منصب پر فائز ہونے کے بعد' انہوں نے فوج کو "ایمان' تقویٰ اور جہاد" کا نعرہ دیا۔ جہاد منزل' ایمان اور تقویٰ زاد راہ تھے۔ ان کے بغیر منزل پر پہنچنا ممکن نہیں' اور یہ ہتھیار پاس ہوں تو پہلا قدم بھی منزل ہے۔ انہوں نے فوجی میسوں میں شراب کا داخلہ ممنوع قرار دیا اور فوج کے اندر فضائے بدر پیدا کرنے میں مصروف ہو گئے۔

مارچ ۱۹۷۷ء میں عام انتخابات منعقد ہوئے تو حکومت نے دھاندلی کے ذریعے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے اور اپنے اقتدار کو دوام دینے کی کوشش کی۔ عوامی تحریک اٹھی اور اس نے حکومت کے عزائم خاک میں ملا دیئے۔ ساڑھے تین ماہ تک ہنگامے جاری رہے' سینکڑوں افراد ہلاک اور ہزاروں زخمی اور گرفتار ہوئے لیکن تحریک کو دبایا نہ جا سکا۔ ملک خانہ جنگی کے دہانے پر پہنچ گیا تو افواج پاکستان نے مداخلت کا فیصلہ کیا' اور ۵۔ جولائی ۱۹۷۷ء کو دھاندلی سے قائم ہونے والی حکومت سے قوم کو نجات دلا دی۔ سپریم کورٹ نے اس اقدام کو قانون ضرورت کے تحت' جائز اور قانونی قرار دیا۔

۳۰ دسمبر ۱۹۸۵ء کو مارشل لاء ختم کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ اس سے پہلے عام انتخابات کے نتیجے میں جمہوری حکومت قائم ہو چکی تھی۔ آئینی اور جمہوری عمل جاری تھی کہ ۱۷۔ اگست ۱۹۸۸ء کو بہاولپور کی فضا میں ان کے طیارے کو تخریبی کارروائی کا نشانہ بنایا گیا۔۔۔ وہ ملک اور فوج کے سربراہ تھے' اور پاکستان کے دشمنوں کے راستے میں دیوار چین بن گئے تھے۔ پاکستان کا ایٹمی پروگرام ترک کرنے پر وہ تیار نہیں تھے یہ ان کے لئے زندگی اور موت کا مسئلہ تھا۔ افغانستان میں مجاہدین کی حکومت اور پاکستان میں نفاذ شریعت کے معاملے پر کوئی سمجھوتہ کرنے پر ان کو آمادہ نہیں کیا جا سکتا تھا۔۔۔ ناقابل تسخیر ضیاء الحق کو سازش کے ذریعے راستے سے ہٹا ڈالا گیا۔

اپنی اہلیہ شفیق کے ساتھ جوانی کی یادگار

ان حریت پسندوں نے دنیا کی سب سے بڑی جنگی مشینری کو شکست سے دوچار کیا۔ ان کے منہ آنے والے روسی توسیع



جنرل ضیاء شہید ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کیساتھ اہم امور پر گفتگو کرتے ہوئے۔

پسند میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے اور اشتراکیت آخری ہچکیاں لینے لگی۔ تاریخ کو تبدیلی کی راہ پر ڈالنے بلکہ تبدیل کر ڈالنے کا یہ شرف ان افغانوں کے لئے خاص ہے۔ لیکن اگر پاکستان میں ضیاء الحق کی حکومت نہ ہوتی تو کیا پھر بھی یہ سب کچھ ہو پاتا؟ کیا ضیاء الحق کے تعاون' حمایت اور پشت پناہی کے بغیر بھی کاروان جہاد اس طرح مصروف عمل رہ سکتا؟ یہ ایک ایسا سوال ہے کہ احسان شناس افغان جس کا جواب "ناں" میں دیتے ہیں۔ انہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ پاکستان کی مہربان سرزمین کے بغیر' ان کے لئے آزادی کی جنگ لڑنا کس طرح محال تھا۔ ضیاء الحق ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت تھے' اور کیا خبر کہ ان کو اس کی حکمت خاص کے تحت' اسی مقصد کے لئے اقتدار سے نوازا گیا ہو۔۔

افغان مجاہدین' جن میں سخت کوش اور خیال پرست رہنما بھی شامل ہیں' ضیاء الحق کا نام بے حد عقیدت اور احترام سے لیتے ہیں۔ ضیاء الحق ان کے لئے افغانوں سے بڑھ کر افغان تھے۔ انہوں نے اس سرزمین کی آزادی کے لئے سب کچھ داؤ پر لگا دیا۔ وہ پہلے شخص تھے کہ جنہوں نے ۲۷ دسمبر ۱۹۷۹ء کو افغانستان میں روسی فوجوں کے داخلے کے بعد اس عزم کا برملا اظہار کیا کہ اس غیر جانبدار ہمسایہ ملک کو آزاد کرایا جائے گا۔ افغانوں کی زمین افغانوں ہی کی رہے گی۔ انہوں نے بے مثال خوش دلی کے ساتھ پاکستان کی سرحدیں ان مہاجروں کے لئے کھول دیں جن کے گھروں پر روسی طیارے اور گن شپ ہیلی کاپٹر بم برسا رہے تھے' وہ دوستوں سے بڑھ کر دوست اور بھائیوں سے بڑھ کر بھائی ثابت ہوئے۔ جب تک دنیا کی مدد نہیں پہنچی' پاکستان کی کمزور معیشت مہاجرین کا سہارا بنی رہی۔ ضیاء الحق کا نام اب افغانستان کی آزادی کی تحریک کے ساتھ اس طرح وابستہ ہے کہ دونوں کا تذکرہ' ایک دوسرے کے بغیر ادھورا رہے گا۔

ضیاء الحق کشمیر کو بھارت کی غلامی سے آزاد کرانے کے لئے بھی بے چین رہے' انہوں نے بڑی حکمت اور دانائی کے ساتھ کشمیر میں آزادی کی چنگاری کو شعلہ بنانے کا نقشہ بنایا۔ انہوں نے عالمی کانفرنسوں میں کشمیر کا مسئلہ اٹھایا' اور دنیا بھر میں پھیلے ہوئے کشمیری رہنماؤں کے ساتھ سر جوڑ کر بیٹھے' اور ان کی راتوں کو دن بنانے کی تدبیریں سوچتے رہے۔

ضیاء الحق کی شہادت کے بعد آزاد کشمیر کے صدر (اور اب وزیر اعظم) سردار عبدالقیوم نے جذبات سے مرتعش آواز میں' غیر ملکی اخبار نویسوں کے ایک گروپ کے سامنے اعتراف کیا تھا: دنیا میں ضیاء الحق سے زیادہ کسی شخص نے کشمیریوں کی مدد نہیں کی۔

۱۷۔ اگست کے حادثے کی خبر سن کر مقبوضہ کشمیر سوگ میں ڈوب گیا۔ تین دن تک بازار بند رہے' گھروں میں سیاہ پرچم لہرا دیئے گئے۔ کشمیری اب بھی اس شہید کو یاد کرتے' اور اس کے نعرے لگاتے ہیں۔ کئی پل' عمارتیں اور سڑکیں ضیاء الحق سے منسوب ہیں اور ضیاء الحق کی تصویر بیشتر کشمیری گھروں اور دلوں میں موجود ہے۔۔۔ افغانوں کے گھروں' دلوں اور سوچوں کی طرح۔

ضیاء الحق پوری دنیا کے مسلمانوں کی امیدوں کا مرکز تھے۔ سری لنکا کے مسلمان ہوں یا فلپائن کے کلمہ گو' برما کے فرزندان توحید ہوں یا روسی ترکستان کے بے زبان عاشقان رسول' سب ضیاء الحق کو اپنا سمجھتے' اور ضیاء الحق تھے بھی سب کے۔ سری لنکا کے مسلمانوں نے ایک بڑا ہسپتال تعمیر کیا' تو اس کا نام انہی کے نام پر رکھا۔ برما کے مسلمان اکثریتی صوبے اراکان سے وفود ان کے پاس آتے' اور اپنے دکھوں کا مداوا ڈھونڈتے۔ روس کا دورہ کرنے والے ایک ممتاز پاکستانی صحافی نے واپس آکر لکھا کہ وسط ایشیائی مسلمان ریاستوں میں ضیاء الحق مقبول ترین شخص ہیں۔۔۔

مسلمانوں کے علاوہ' اشتراکیت کے ڈسے ہوئے مظلوم عوام بھی ان سے پیار کرتے اور ان کو یاد کرتے ہیں۔ مشرقی یورپ' بالخصوص پولینڈ میں پاکستان وقار اور احترام کی علامت ہے کہ روسیوں کے غرور کو خاک میں ملانے والا شخص اس ملک کا حکمران تھا۔۔۔ ضیاء الحق عالم اسلام' دنیا بھر کے مسلمانوں' بلکہ دنیا بھر کے مظلوم لوگوں کا ذہنی سہارا تھے۔۔۔ ان کے لئے سوچنے والے' ان کے ساتھ بھی' اور ان سے الگ بھی۔

برابر کے انسان

خادم الحرمین شریفین شاہ فہد کیساتھ ناقابلِ فراموش اعتماد اور محبت کا رشتہ

ان کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔ ان میں سے چھوٹی بچی زین معذور پیدا ہوئی تھی۔ جب کسی گھر میں اس طرح کا بچہ موجود ہو تو اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا ہے؟ --- اس پر رحم کھایا جاتا ہے لیکن اس سے محبت نہیں کی جاتی اسے دوسروں سے چھپا کر رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اسے مہمانوں کے سامنے آنے نہیں دیا جاتا اور بعض اوقات اس سے سخت برتاؤ کیا جاتا ہے --- جو لوگ زیادہ نرم دلی واقع ہوئے ہوں اور سختی سے کام نہ لیں، وہ بھی کم از کم اسے ایک

لاڈلی بیٹی زین کیساتھ مسکراہٹوں کا تبادلہ

بدقسمتی ضرور گردانتے ہیں۔

صدر ضیاء الحق کی شخصیت میں جو چونکا دینے والے پہلو تھے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ انہوں نے اپنی اس معذور بچی سے دوسری اولاد سے بھی زیادہ اور بھرپور محبت کی، بلکہ - وہ اسے سفر میں ساتھ رکھتے، اس کا دل بہلاتے، اسے مہمانوں کے سامنے لے جاتے، اس کی فرمائشیں پوری کرتے اور اس کے ساتھ اشاروں کی زبان میں گفتگو کرتے، جو انہوں نے خاص طور پر اس کے لئے سیکھی۔ ان کے دل میں اس بچی کے لئے شفقت میں کبھی کمی نہ آئی کہ وہ اس بچی کو اپنی خوش قسمتی قرار دیتے تھے۔ یہ ان کا ایمان تھا کہ اگر وہ اس کمزور بچی کے سلسلے میں اپنے فرائض ادا کریں گے تو ان کا اللہ، ان پر رحمتوں کے دروازے کھول دے گا... اور ہمیشہ ایسا ہی ہوتا رہا۔

انہیں اس اعتبار سے منفرد حکمران سمجھا جاتا ہے کہ وہ شائستگی اور خاکساری کا ایک نمونہ تھے اور تکبر انہیں چھو کر بھی نہ گزرا تھا لیکن وہ یقیناً اس اعتبار سے بھی تاریخ کے ایک نادر حکمران تھے کہ انہوں نے نہ صرف اپنی پسماندہ بچی کو امور سلطنت کی کڑی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے سینے سے لگائے رکھا بلکہ ان کے عہد میں معذوروں کی بہبود کے ایسے اقدامات لئے گئے، کہ تیسری دنیا کے وسائل سے محروم کسی ملک میں اس کی نظیر تلاش نہیں کی جا سکتی۔ وہ ان عالی ہمت انسانوں میں سے ایک تھے جو محرومیوں پر آزردہ ہونے کی بجائے راستے تلاش کرتے اور مجبوری کو کم تر کرنے کی جستجو کرتے ہیں۔

جب عید کے روز سٹیٹ گیسٹ ہاؤس کے دروازے ہر شخص پر کھول دیئے جاتے تو اس میں ملک کے کونے کونے سے آنے والے یتیم بچوں اور بیوہ عورتوں کے علاوہ، جن پر وہ بڑی شفقت کرتے تھے ان گنت اپاہج بھی ہوتے، جو اپنی بیساکھیوں کے سہارے اور ہتھ ریڑھیوں کی مدد سے یا کسی سہارا دینے والے کے بل پر ان سے ملنے آتے۔ صدر ان میں سے ہر شخص کو شگفتہ لہجے میں خوش آمدید کہتے۔ اگر کسی کی کوئی درخواست ہوتی تو حکام کو اس پر کارروائی کرنے کے لئے کہتے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ان نظرانداز کئے گئے، محروم اور ستائے گئے لوگوں میں حوصلہ اور اعتماد پیدا کرنے کی کوشش کرتے۔ وہ جہاں کہیں رہے، زندگی میں انہوں نے ان گنت معذوروں کی ذاتی طور پر مدد کی۔ سرکاری ملازمتوں میں ان کے لئے خاص کوٹہ مقرر کیا اور لوگوں کو سکھایا کہ ان پر ترس کھانے کی بجائے ان سے برابری کا سلوک کریں۔

بچی زین سے ان کی ہمیشہ نظر آنے والی محبت اپنے معاشرے کے لئے ایک مسلسل پیغام کی طرح تھی کہ سب انسان محبت کے مستحق ہیں اور محبت کی فراوانی ہی سے زندگی کی مشکلات اور مصائب کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ وہ پاکستان کی تاریخ میں معذوروں میں مقبول ترین حکمران تھے اور جب وہ دنیا سے اٹھے تو ہر کہیں معذور افراد نے ان کی یاد میں تقریبات منعقد کیں، جس کی اس سے پہلے کوئی مثال نہ تھی۔

سچا مسلمان

ضیاء الحق ایک سچے مسلمان تھے۔ صرف خدا سے ڈرنے والے، اور صرف خدا کے حضور جھکنے والے۔ وہ جہاں بھی ہوتے، نماز کا وقت ہوتے ہی ہر کام ختم کر دیتے۔ ملک میں ہوں یا بیرون ملک میں، یہ ان کا معمول تھا۔ دور غلامی میں بھی، وہ مذہبی فرائض پوری پابندی کے ساتھ ادا کرتے تھے۔ اس معاملہ میں ان کے دل میں کبھی کوئی احساس کمتری پیدا نہ ہو سکا۔ وہ اپنے بچوں کو بھی دین کے احکام کی طرف متوجہ کرتے رہتے، اور توقع کرتے کہ وہ اپنے رب کے ایک فرض شناس بندے ثابت ہوں گے۔ علماء کرام سے ان کا گہرا رابطہ تھا۔ وہ مذہبی جلسوں میں جا کر خاص فرحت محسوس کرتے۔ علمائے کرام کو ان کے دور میں خصوصی احترام دیا گیا۔ وہ امور مملکت میں ان سے مشورہ کرتے، اور ان کی رہنمائی کے لئے شکر گزار ہوتے۔

بیت اللہ اور روضہ رسول ﷺ پر حاضری ان کو محبوب تھی۔ وہ بار بار وہاں جاتے۔ جب کسی الجھن یا مشکل کا شکار ہوتے ایک عاجز اور شکر گزار بندے کے طور پر اپنے اللہ کے گھر میں حاضری دیتے، اور اطمینان کے ساتھ واپس آتے۔ ان کے

امیر کویت کیساتھ دوستی برادرانہ تعلقات کی یادگار تصویر



محمد اعجاز الحق کیساتھ بیت اللہ میں

اس جملے نے بڑی شہرت حاصل کی کہ وہ بیٹری چارج کرانے سعودی عرب جاتے ہیں۔

اسلام سے ان کی وابستگی کا سب سے زیادہ اظہار معاشرے کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لئے ان کی جدوجہد میں ہوا، اگرچہ ان گنت مشکلات کی وجہ سے وہ اس کام کو اپنی خواہش کی رفتار سے بروئے کار نہ لا سکے، لیکن ملک میں زکوٰۃ اور عشر کا نظام رائج کیا، صلوٰۃ کا اہتمام کیا، اسلامی یونیورسٹی کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا تاکہ اسلام کی تبلیغ اور تنظیم کرنے والے مردان کار پیدا ہوں۔ انہوں نے شرعی عدالت قائم کی اور اسے اسلام کے نقطہ نظر سے قوانین پر نظرثانی کا اختیار دیا۔

ہر روز پانچ مرتبہ خدا کے حضور سربسجود ہونے والے اس شخص کو مساجد سے بڑی محبت تھی۔ ایک سچے مسلمان کی طرح وہ مساجد میں آسودہ دکھائی دیتے۔ انہوں نے ذاتی دلچسپی سے لگ بھگ ۵۰۰ مساجد تعمیر کرائیں۔ ان میں آرمی ہاؤس اور ایوان صدر کے علاوہ اسلام آباد اور ملک کے دور دراز گوشوں میں تعمیر ہونے والی خوبصورت مسجدیں بھی شامل ہیں۔ اسلام ان کے لئے زندگی کا دوسرا نام تھا۔ اسلام کے بغیر زندہ رہنے سے مر جانا بہتر تھا۔ وہ اللہ اور اس کے رسول آخر و اعظم کی ایک ایک ہدایت کو ابدی سمجھتے اور اس میں تمام دکھوں کا مداوا ڈھونڈتے۔

ان کی رائے میں منشیات، تشدد، بدعنوانی اور ذہنی انتشار کی شکار انسانیت اسلام ہی کی روشنی میں نجات حاصل کر سکتی تھی... اور اسلام ہی کے بل پر ایک اخلاقی معاشرے کی تعمیر ممکن تھی، جہاں لوگ ایک دوسرے سے محبت کریں، لالچ کا شکار نہ ہوں اور دولت و اقتدار کے لئے سازشیں نہ کریں۔

خدا کے حضور کھڑے ہوتے تو ہمیشہ سے زیادہ یکسو نظر

جنرل ضیاء الحق امریکہ کے صدر جارج بش کیساتھ

آتے، 'پیغمبر آخر الزماں' کا تذکرہ ہوتا تو اشکبار ہو جاتے۔ تقریبات میں تلاوت کا طریقہ ان سے پہلے بھی رائج تھا لیکن انہوں نے اسے اہتمام اور وقار بخشا اور نعت رسول کی پابندی بھی رائج کی۔ ان کے ساتھ سفر کرنے والے بتاتے ہیں کہ حرمین میں ان پر رقت کا عالم طاری رہتا اور وہ روضہ رسول کے سامنے اس طرح تڑپ کر روتے کہ دیکھنے والوں پر بھی رقت طاری ہو جاتی۔ وہ تہجد پڑھتے ... اور قرآن مجید کی باقاعدگی سے تلاوت کرتے۔ قرآن مجید کا ایک چھوٹا سا نسخہ ان کی جیب میں رہتا' اور وہ تلاوت جاری رکھتے ... آخری سفر میں بھی یہ ان کے ساتھ تھا۔

سپاہی اور حکمران کی زندگی میں ہمیشہ قائم رہنے والی پاکیزگی اور اعتماد کا راز ان کی مذہبی زندگی میں پوشیدہ تھا۔ مذہب نے انہیں بے نیازی بخشی اور ان کی شخصیت کو رفیع اور بلند و بالا کر دیا۔ دولت سے دور' کبر سے بے نیاز' اجلی اور پاکیزہ۔

پوری زندگی

وہ ایک صاحب ایمان تھے اور ان کا عقیدہ کبھی متزلزل نہیں ہوا۔ انہوں نے زندگی کو اپنی آنکھ سے دیکھا' عرق ریزی سے کئے جانے والے مطالعہ اور دوسروں کے مشاہدات کی انتہائی توجہ سے سماعت کے ذریعے انہوں نے اس دنیا کو سمجھنے کی کوشش کی۔

وہ گہری شخصیت رکھنے والے ایک حکمت کار تھے اور اپنی ذہانت سے انہوں نے پاکستان کے دشمنوں کو ہمیشہ زچ کئے رکھا لیکن اپنی ذاتی زندگی میں وہ بہت سادہ اور شفیق تھے --- اپنے اہل خاندان' دوستوں' رشتہ داروں اور ماتحتوں کے لئے وہ ذہنی سہارا فراہم کرنے والے ایک مہربان آدمی تھے۔



والدہ کے حضور ---- اہلیہ اور بچوں کیساتھ

نیدرلینڈ کی وزیر مسز ایم۔ شہو کیساتھ

۱۰ اگست ۱۹۵۰ء کو اپنی خالہ زاد سے ان کی شادی ہوئی۔ یہ رشتہ ہمیشہ محکم اور استوار رہا اور اس میں کبھی کوئی الجھن داخل نہ ہوئی۔ جب ضیاء الحق گھر سے دور جاتے تو ہر روز اپنی اہلیہ سے فون پر بات کرتے اور اگر زیادہ وقت کے لئے سفر کرتے تو لمبے لمبے خطوط لکھا کرتے۔ وہ اپنے بچوں کو بہت زیادہ وقت دینے والے باپ تھے۔ جب وہ جوان تھے تو بچوں کے لباس اور نہلانے دھلانے تک میں دلچسپی لیتے۔ انہوں نے اپنی اولاد کو آزادی دی اس پر اعتماد کیا اور تعلیم کے لئے اس کی حوصلہ افزائی کی اور ہمیشہ اس سے گہرا رابطہ استوار رکھا۔ جب ان کی صاحبزادی قرۃ العین لاہور میں تعلیم پا رہی تھیں اور وہ ملتان میں تھے تو ہر پندرہ دن بعد وہ ان سے ملنے جاتے۔ خاندان کے لوگوں کو اب تک یاد ہے کہ الوداعی ملاقات میں اکثر باپ بیٹی آبدیدہ ہو جاتے۔ اعجاز الحق تعلیم کے لئے ملک سے باہر گئے تو وہ انہیں خط لکھتے اور جب کبھی ممکن ہوتا فون پر گفتگو کرتے۔

وہ اپنی والدہ کے فرماں بردار بیٹے تھے' رات کو جب بھی گھر لوٹتے' ان کی خدمت میں حاضر ہوتے' صبح ان کی خیریت پوچھتے اور دعا کی درخواست کرتے۔

اپنے دوستوں کے لئے وہ ایک حیران کر دینے والی شخصیت تھے۔ وہ ہمیشہ ان کا اعزاز و اکرام کرتے۔ ان کے ذاتی معاملات میں مداخلت سے گریز کرتے اور ان کے ساتھ مراسم میں شائستگی کے ساتھ ساتھ گہرائی اور بے ساختگی برقرار رکھتے۔ اولین دور میں ان کے ساتھ فوج میں وقت گزارنے والوں یا جوانی میں ملنے والوں کا کہنا ہے کہ فوج کا سربراہ بننے اور بعد ازاں صدر بننے کے باوجود ان سے ملاقات کے لئے وقت نکالتے اور بعض اوقات دیر تک ان کی گفتگو سنتے۔ سرحد کے سابق گورنر اور وزیر اعلیٰ جنرل فضل حق نے ان کی موت پر روتے ہوئے کہا: "وہ ایک ایسے شخص تھے جنہوں نے زندگی بھر کسی دوست کو شکایت کا موقع نہ دیا"۔

ضیاء الحق ملازموں کے ساتھ شفقت سے پیش آتے۔ ان کے نام انہیں یاد تھے۔ حج اور تہواروں کے مواقع پر' ان ملازمین کے بچوں کی شادیوں یا غمی کے دردناک لمحوں میں وہ انہیں یاد رکھتے اور اکثر اوقات بے تکلفی سے ان کے گھروں میں چلے جاتے۔ ان میں سے جو قابل اعتماد تھے' ان کی سفارش قبول کرتے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اگرچہ وہ ایک تکمیل پسند آدمی تھے' صفائی اور کاموں میں درستی پر زور دیتے لیکن کسی ملازم کو کبھی یہ شکایت نہ ہوتی کہ اس کی توہین کی گئی ہے --- یہ ایک ایسے معاشرے میں تھا' جہاں زیردست ہمیشہ بالادستوں کی شکایت کرتے رہتے ہیں۔ ان کے ساتھ اردلی اور معاون کے طور پر زندگی کے کئی عشرے گزارنے والے پیر محمد نے ان کی وفات پر کہا اب اگر کوئی شخص انہیں لاکھوں روپے بھی دے تو وہ اس کے ساتھ کام نہیں کر سکتا۔

ضیاء الحق مطالعہ کے شوقین تھے۔ جب وہ ایک نوجوان فوجی افسر تھے تو دن بھر کی مصروفیات کے بعد رات گیارہ بجے مطالعہ کا آغاز کرتے' جب اہل خاندان سونے کے لئے چلے جاتے --- پیر محمد نے مرحوم انہیں بارہا مطالعہ کی میز پر سر

اپنے اہل خانہ سمدھیوں کیساتھ

ضیاء الحق حج بیت اللہ کرتے ہوئے

رکھے سوتے دیکھا' جب وہ انہیں نماز کے لئے بیدار کرنے گیا ... انہیں اردو زبان پر پاکستان کے کسی بھی حکمران سے زیادہ دسترس حاصل تھی اور بارہا انہوں نے اپنے فی البدیہہ خطاب میں زبان و بیان کے معیار سے لوگوں کو حیران کیا --- وہ گھنٹوں دوسروں کی باتیں سن سکتے تھے۔ اکثر لوگوں کی بات کاٹنے سے گریز کرتے۔ وہ بارہا صبح سے شام تک جاری رہنے والے اجلاسوں میں شریک ہوتے' خاص طور پر ہر ماہ افغانستان کی صورت حال سے متعلق میٹنگوں میں۔

وہ ذاتی طور پر گالی دینے یا نقصان پہنچانے والوں کو معاف کر دیتے اور انتقام کو کبھی خود پر سوار نہ ہونے دیتے۔ اپنی فوجی زندگی میں انہوں نے جب کبھی کسی ماتحت سے سختی برتی تو اکثر بعد میں اس کی دلجوئی بھی کی --- جب ضرورت پڑتی تو وہ سختی سے احکامات دیتے اور ان پر عمل کراتے تھے لیکن وہ دوسروں پر مکمل اعتماد کر سکتے تھے --- ایک حکمران اور فوجی افسر کے طور پر ان کی سخت شخصیت کے پیچھے شفقت بھرا دل ہمیشہ دھڑکتا رہا' حتیٰ کہ موت نے اسے خاموش کر دیا اور اس کی یاد باقی رہ گئی۔

"یہ خیال کبھی میرے سر پہ سوار نہیں ہوا کہ کوئی مجھے قتل کر ڈالے گا' ایک دن مجھے مرنا ہے۔ اگر مجھے گولی لگنی ہے تو ایک دن آ لگے گی اور اگر مجھے زندہ رہنا ہے تو کوئی مجھے چھو بھی نہیں سکتا"۔

صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے یہ الفاظ اپنی شہادت سے تین سال پہلے ایک جرمن اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے کہے تھے۔

ان سے پوچھا گیا تھا کہ کیا وہ موت سے خوفزدہ ہیں اور کیا انہیں قتل کرنے کی کوششیں کی گئی ہیں... صدر نے کہا:

"نہیں' کبھی نہیں (میں کبھی موت کے خوف کا شکار نہیں ہوا) اگر ایسا ہوتا تو میں کبھی فوج میں بھرتی نہ ہوتا۔ میں خوب جانتا ہوں کہ ایک دن مجھے مرنا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو شہید کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ امریکہ کے تین صدور قتل ہوئے اور صدر ریگن ابھی پچھلے دنوں بال بال بچے ہیں"۔

صدر ضیاء الحق بامعنی گفتگو کے بہت شائق تھے' اور اگر کوئی ڈھنگ کا اخبار نویس ان سے ملنے آتا تو بعض اوقات وہ اپنا دل کھول کر رکھ دیتے تھے۔ اس روز بھی اس جرمن اخبار نویس سے انہوں نے بڑی دو ٹوک گفتگو کی' لیکن انہوں نے وہ ایسی باتیں کیں جن میں کچھ چھپایا گیا تھا۔

اس سوال کے جواب میں کہ کیا انہیں قتل کرنے کی کوششیں کی گئی ہیں' انہوں نے کہا "ممکن ہے ایسی کوششیں ہوئی ہوں۔ میں نہیں جانتا' لیکن ایسی چیزوں کی کوئی اہمیت نہیں"۔ اور پھر انہوں نے کہا "ضیاء الحق کیا ہے؟ ایک بالکل عام سا آدمی۔ اس کے مرجانے سے کیا فرق پڑتا ہے"۔

صدر جانتے تھے کہ انہیں قتل کرنے کی کوششیں کی گئی ہیں اور وہ ایسی کوششوں سے تو ہر شخص واقف تھا' جب ایک بار ان کے جہاز کو میزائل سے نشانہ بنانے اور دوسری بار قرآن مجید میں دھماکہ خیز مواد رکھ کر انہیں ہدف بنانے کی سازش کی گئی۔ صدر یہ بھی جانتے تھے کہ بعض پاکستانی سیاست دان بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کے ساتھ سالہا سال سے رابطہ رکھے ہوئے ہیں اور انہیں خوب معلوم تھا کہ ان کی موت اور تباہی کے آرزو مند بھارتی اور روس نواز کابلی حکمران دہشت گرد تنظیم الذوالفقار کی سرپرستی کر رہے ہیں لیکن آئے روز اقدام قتل کے ڈرامے رچانے والے اپنے بعض پیش رو حکمرانوں کے برعکس ضیاء الحق اپنی ذات کو غیر ضروری طور پر نمایاں کرنے اور خود کو ایک مظلوم ہیرو کے طور پر پیش کرنے سے گریز کرتے تھے۔

ہر ایسے شخص کی طرح جس کے سامنے کوئی واضح منزل اور مقصد ہو ان کی بھی آرزو تھی کہ وہ ایسا کام کر جائیں کہ اپنی قوم کی یادوں میں' امت مسلمہ کے حافظے میں جو پورے کرہ ارض پر پھیلی ہوئی تھی' ہمیشہ ہمیشہ کے لئے زندہ رہیں' وہ ایک تاریخ ساز شخصیت تھے' لیکن وہ لوح زماں پر اپنا نقش الفاظ سے نہیں اعمال سے نقش کرنے کے خواہاں تھے۔

نہایت استقلال کے ساتھ ہمیشہ' ہر وقت اور مسلسل قائم رہنے والی ان کی شائستگی' عاجزی اور خاکساری انہیں اس لہجے کے الفاظ کہنے پر آمادہ کرتی تھی کہ وہ ایک عام سے آدمی ہیں اور ان کے مرجانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

ایک ایسے شخص کی حیثیت سے جو خدا کی الہامی کتاب اور آخری پیغمبر کے ایک ایک لفظ پر ایمان رکھتا ہو' انہیں پورا یقین تھا کہ موت کا ایک دن مقرر ہے اور کوئی موت بے وقت نہیں ہوتی لیکن وہ ہرگز ایک ایسے شخص نہیں تھے' جن کے اٹھ جانے سے کوئی فرق ہی واقع نہ ہوتا ہو۔

یہ محض اس لئے نہیں تھا کہ وہ اپنے ہم وطنوں کے لئے ایک شفیق اور کریم آدمی تھے۔ اس لئے بھی نہیں کہ وہ ہر روز

ڈاکٹر آئینی مری کیساتھ ملاقات کرتے ہوئے

پانچ وقت خدا کے حضور جھکنے کے علاوہ' آخر شب جاگتے اور بھیگی ہوئی آنکھوں کے ساتھ اس کی رحمت کے طلبگار ہوتے تھے۔ اس لئے بھی نہیں کہ ان کی ذاتی زندگی پاکیزگی کی ایک عمدہ تصویر تھی' ایک اجلی سفید چادر کی طرح جس پر کوئی داغ نہ ہو --- بلکہ اس لئے کہ انہیں ایک کمزور قوم کی قیادت نصیب ہوئی جو بے دست و پا' منتشر اور منقسم دکھائی دیتی تھی' اس قوم کو تباہ کرنے کی سازشیں کی جاری تھیں اور اسے اپنی دو سرحدوں پر ایسے خطرات کا سامنا تھا' جو اسے بربادی سے دوچار کر سکتے تھے۔

اس ہولناک بحران میں جس میں ایک علاقائی سپرپاور اور ایک عالمی طاقت پاکستان کی تباہی کے درپے تھی' انہوں نے اس طرح اپنی قوم کی قیادت کی کہ جب وہ دنیا سے اٹھے تو تاریخ کا منظر بدل چکا تھا۔

تاریخ میں اس سے پہلے کبھی ایسا نہ ہوا تھا کہ پاکستان ایسی ایک کمزور قوم نے جس کی یقینی شکست کی پیش گوئی کی گئی ہو' بھارت اور روس ایسی بڑی طاقتوں کو ناکام بنا کر پسپائی اور تباہی کے راستے پر ڈال دیا ہو۔ گیارہ سال تک اندرون ملک ضیاء الحق کے سیاسی مخالفین' ان کے اسلامی عقائد سے نفرت کرنے والے بعض غیر ملکی ذرائع ابلاغ' اور ان کے خارجی دشمنوں' بھارتیوں اور کمیونسٹوں نے ان کی کردار کشی کی منظم کوششیں کی تھیں۔ انہیں ہوس اقتدار کے مارے ایک سفاک ڈکٹیٹر کے طور پر پیش کرنے کی سرتوڑ جدوجہد کی گئی تھی' جس نے ناجائز دولت کمائی تھی' جمہوریت کو قتل کر دیا تھا اور جس نے اپنی قوم کی رتی برابر خدمت نہیں کی تھی' لیکن جب ۱۷ اگست ۱۹۸۸ء کو ان کے طیارے کو تباہ کیا گیا تو دیکھتے ہی دیکھتے' تاریخ نے اپنی یہ ہمیشہ قائم رہنے والی شہادت رقم کر دی کہ وہ خدا سے ڈرنے والے ایک پاکیزہ انسان تھے' جنہوں نے اپنی کوئی ذاتی جائیداد نہیں چھوڑی۔ انہوں نے اپنے وطن کو ایک عشرے میں عسکری اعتبار سے اتنا طاقتور بنا دیا کہ کئی گنا طاقتور سمجھا جانے والا ان کا پڑوسی بھارت اب ہزار وہموں اور وسوسوں میں مبتلا ہے۔ انہوں نے اپنے پیچھے ایک جمہوری نظام کا ترکہ چھوڑا' جس میں آسانی سے اور دستوری ذرائع سے اقتدار ایسے ہاتھوں کو منتقل ہوا' جن کو عوام نے منتخب کیا تھا۔

انہوں نے اپنے پیچھے روتے بلکتے ہوئے ان گنت لوگوں کو چھوڑا۔ ان میں یتیم بچے' بیوہ عورتیں' اپاہج معذورین اور وہ بڑے بوڑھے شامل تھے جنہیں ان کی وضعداری' متواضع اور متین شخصیت میں عہد رفتہ کے عظیم مسلمان حکمرانوں کی جھلکیاں دکھائی دیتی تھیں۔ ان میں وہ ہزاروں بچے شامل تھے' جن کے ساتھ وہ سال کا ایک بڑا دن گزارتے تھے' جنہیں وہ تہواروں پر ملتے تھے' جن کے لئے وہ تحائف بھجواتے تھے' جن کے لئے بعض اوقات وہ راستے میں گاڑی روک لیتے اور لمبے دامن والی اچکن کی جیب سے ٹافیاں نکال کر انہیں دیتے تھے ... جن کے لئے ضیاء الحق' جنرل' چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور صدر نہیں' صرف انکل ضیاء الحق تھے۔

انہوں نے اپنے پیچھے ایک فوج چھوڑی' جسے انہوں نے ۱۲ سال پہلے ایمان' تقویٰ اور جہاد فی سبیل اللہ کا نعرہ دیا تھا' جہاں اب جوانوں کی بڑی تعداد پابندی سے نماز پڑھنے لگی تھی' جس پر ۱۹۷۱ء میں لگنے والے زخم اب مندمل ہو چکے تھے' جس کے پاس اب دشمن پر دہشت طاری کرنے کے اسباب موجود تھے اور جو اب دنیا کی ان چند افواج میں سے ایک تھی' جن کا تذکرہ کیا جاتا ہے اور جن کی توقیر کی جاتی ہے۔ انہوں نے اپنے پیچھے ایک قوم چھوڑی' جس کا ملک ۱۷ سال پہلے دولخت کر دیا گیا تھا اور جو خوف کا شکار ہو کر بے ہمت ہو گئی تھی لیکن اب اس قوم کے پاس ایک خواب اور ایک آرزو ہے۔ اب وہ ایک نادر قوم ہے' جس نے تاریخ میں پہلی بار ۳۵ لاکھ مہاجروں کی میزبانی کی اور انہیں خود پر بار نہ سمجھا۔ وہ قوم جس نے خود کو ایک عشرے تک خطرے میں رکھا' پڑوسی افغانستان کی آزادی میں ہاتھ بٹایا اور اس عمل میں ہزاروں افراد کی قربانی دی اور یہ اس حال میں ہوا جب اس کے اندر دشمن کے کارندے یا کم ہمت لوگ ہر وقت چیخنے چلانے اور خوفزدہ کرنے میں لگے رہتے تھے۔

اب یہ ۱۹۷۱ء کی ایک تہی دست' مفلس اور بے یار و مددگار قوم نہ تھی' جس کا دنیا بھر میں مذاق اڑایا گیا تھا... اب یہ قوم تھی' جس نے تاریخ کی ایک عظیم سفاک قوت کو شکست سے دوچار کر کے اس طرح پسپائی پر مجبور کر دیا تھا کہ عظیم سوویت یونین کی شکست و ریخت کا آغاز ہو گیا۔ اب یہ ایک ایسی قوم تھی' جس کے پاس مدتوں کے بعد فخر کا ایک سرمایہ تھا' جس نے اپنے وطن کی تخلیق کے بعد جو تاریخ کے نادر واقعات میں سے ایک تھا۔ ایک بار پھر ایک حیران کن کارنامہ انجام دے ڈالا تھا۔

ضیاء الحق نے اپنے پیچھے افغانستان اور کشمیر کے حریت پسند چھوڑے جو اشکبار ہو کر ان کا نام لیتے اور ان کے لئے کانپتے ہاتھوں سے دعائیں مانگتے تھے۔ افغانستان کے ہر مورچے اور کشمیر کے ہر گھر میں ان کی تصویر سجی تھی۔

وہ اپنے پیچھے ایک عظیم آرزو چھوڑ گئے کہ مستقبل کے آزاد افغانستان' پاکستان' ایران اور ترکی پر مشتمل ایک عظیم اسلامی بلاک تشکیل دیا جائے' جو وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وسعت پاتا رہے' حتیٰ کہ طاقت کا ایک نیا مرکز قائم ہو جائے' تاکہ عالم اسلام ہمیشہ کے لئے خطرات سے محفوظ ہو:

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کاشغر

انہوں نے اپنے پیچھے ایک بدلی ہوئی دنیا چھوڑی اور اس دنیا کو بدل ڈالنے میں ان کا کردار ہر شخص سے زیادہ تھا اور اس پر بھی وہ یہ کہتے ہوئے اس دنیا سے چلے گئے کہ وہ ایک عام سے آدمی ہیں اور ان کے قتل ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

اس لئے کہ وہ ایک مسلمان تھے اور جانتے تھے کہ ابدیت سفر کو ہے' مسافر کو نہیں ہے' اس لئے کہ وہ ایک صاحب یقین تھے اور انہیں اس کا ادراک تھا کہ انسان مر جاتے ہیں اور خواب زندہ رہتے ہیں۔

اعتراف

(ممتاز عالمی اخبارات سے انتخاب)

زبگنیو برزنسکی - ٹائمز لندن ۱۹ اگست ۱۹۸۸ء

ضیاء الحق افغانستان میں سوویت یونین کی فوجی اور سیاسی شکست کے واحد معمار تھے۔

برنارڈ ڈی نوسٹر - واشنگٹن پوسٹ

جنرل محمد ضیاء الحق سادہ ذوق کے ایک سیدھے سادے آدمی ہیں اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ ایک یکسو مسلمان ہیں۔ ان کے کمرے کی دیواریں قرآن کی منقش آیات سے سجی ہیں' جن میں اللہ کی حمد بیان کی گئی ہے۔ انہوں نے کبھی بادہ نوشی نہیں کی اور وہ امتناع شراب کے قانون پر سختی سے عمل کراتے ہیں۔

ایم جے اکبر - ایڈیٹر ویکلی سنڈے کلکتہ

مجھے پہلے ہی سے متنبہ کر دیا گیا تھا کہ میں صدر ضیاء الحق کی شائستگی اور گرمجوشی سے مسحور نہ ہو جاؤں' جو وہ اپنے مہمانوں سے روا رکھتے ہیں' کبھی کبھار ملنے آنے والے خاص مہمانوں سے نہیں بلکہ اپنے آئے روز ملنے والے سرکاری افسروں سے بھی ... یہ وہ پہلی بات ہے جو آپ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں سنتے ہیں... جس چیز کے لئے میں تیار نہ تھا' وہ یہ تھی کہ وہ کس توجہ اور نرمی سے سوال سنتے اور شگفتگی سے جواب دیتے ہیں۔ واضح سی بات یہ ہے کہ جنرل خود ہی اپنے لئے تعلقات عامہ کے بہترین آدمی ہیں اور یہ بات جانتے بھی ہیں' یہی وجہ ہے کہ بھارتی اخبار نویسوں سے ملاقات کرنے میں انہیں کوئی تامل نہیں ہوتا۔

کارزن بروک سٹیفرڈ - ڈیلی ٹیلیگراف لندن

یہ ساری بے ساختہ گفتگو تھی اور انہوں نے کسی ایک لفظ کے بارے میں بھی یہ نہ کہا کہ اسے شائع نہ کیا جائے۔ تیس سال میں دنیا بھر کے سیاستدانوں سے ملتا اور گفتگو کرتا رہا ہوں' لیکن میں نے ایسی کھری گفتگو اس سے پہلے کبھی نہ سنی تھی۔ انتہا تو یہ ہے کہ خود ان کے دشمن بھی' جو اب تعداد میں بہت کم رہ گئے ہیں' یہ اعتراف کرتے ہیں کہ وہ بدعنوانی سے مکمل طور پر پاک' حقیقی طور پر شائستہ اور ایک زاہد انسان ہیں۔ ان کا حکم یہ ہے کہ ان کی تصویر کہیں نہ سجائی جائے' یہ تیسری دنیا کے دوسرے ملکوں سے بالکل مختلف منظر ہے' جہاں چمکیلے چہروں اور سفاک آمروں کی تصاویر ہر دفتر' دکان اور ہوٹل میں نظر آتی ہیں۔

فنانشل ٹائمز - ۱۸ اگست ۱۹۸۸ء

صدر ضیاء الحق نے اسلام کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا یا نہیں' مگر اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ ایک پکے مسلمان تھے۔ ان کے بدترین دشمن بھی ان کے ذاتی کردار کی پاکیزگی کے قائل تھے اور ان کی شائستگی کے بارے میں تو یہ کہا جاتا تھا کہ وہ پلک جھپکنے میں' گلے ملنے جیسی محبت کا مظاہرہ کر سکتے تھے۔ انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا وہ ایک ایسے انسان دوست شخص کی حیثیت سے یاد رکھے جانے کے آرزومند ہیں جس نے نفاذ اسلام کی بہترین کوشش کی۔ انہوں نے کہا وہ ایک اچھے سپورٹس مین کی طرح ریٹائر ہو جانے کے آرزومند ہیں تاکہ وہ اپنا زیادہ وقت خاندان اور گالف کو دے سکیں۔ فروغ اسلام کے سلسلے میں اپنی آرزو پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا ان کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش یہ ہے کہ وہ کابل کی جامع مسجد میں نماز ادا کریں۔

اکنامک اینڈ پولیٹیکل ویکلی - ۳ ستمبر ۱۹۸۸ء

جنوبی ایشیا کے سیاسی منظر سے جنرل محمد ضیاء الحق کے رخصت ہو جانے کے بعد ایک ذہین سیاست دان منظر پر موجود نہیں رہا۔ اگر کوئی شخص ایک ہی وقت میں امریکی صدر ریگن کی انتظامیہ اور دوسری طرف بھارت کے معتدل مزاج اور انتہا پسند سیاست دانوں میں اپنے مداح رکھتا ہو' تو یہ کوئی معمولی کامیابی نہیں۔ مستقل مزاجی اور پامردی سے سوویت یونین کے خلاف ڈٹے رہنے کی وجہ سے دنیا بھر میں ان کے مداح پیدا ہو گئے تھے۔ کسی پاکستانی مدبر کو اپنی شخصیت کا

ہمدردی سے جائزہ لینے والے اتنے بھارتی دانشور میسر نہیں آئے' جتنے کہ جنرل ضیاء کو۔ جنرل ضیاء الحق وہ پہلے پاکستانی مدبر تھے جنہوں نے نہ صرف پاکستان کو ایک حقیقی اسلامی ملک بلکہ جنوبی ایشیا کا ایک ملک بنانے کی سرتوڑ کوشش کی۔ ضیاء الحق کے جانشینوں کے لئے اس راستے کو ترک کرنا آسان نہ ہوگا۔ یہ بڑی دلچسپ بات ہے کہ نہ تو پیپلز پارٹی اور نہ ہی ایم آر ڈی نے کبھی ان کی خارجہ پالیسی کی کوئی حقیقی مخالفت کی۔

اکنامک اینڈ پولیٹیکل ویکلی۔ ۲۷ اگست ۱۹۸۸ء

جنرل ضیاء الحق پاکستان کی تاریخ کے سب سے زیادہ ذہین' زیرک اور اولوالعزم سیاستدان تھے۔ ان کے مقابلے میں قوت سیکنک کے حامل اور کارناموں کا خبط رکھنے والے ذوالفقار علی بھٹو سکول کے بچے نظر آنے لگے۔ وہ دنیا کی سب سے بڑی طاقت کے صدر کو یہ بتانے کی جرات اور اعتماد رکھتے تھے کہ ان کی طرف سے کی جانے والی مدد کی پیشکش محض مونگ پھلی ہے۔۔۔ اور یہ بات یاد رہنی چاہئے کہ انہوں نے یہ بات مونگ پھلی کے کاشت کار کارٹر سے کہی تھی جو اس وقت امریکہ کے صدر تھے۔

یو ایس نیوز اینڈ ورلڈ رپورٹ۔ ۲۹ اگست ۱۹۸۸ء

افغانستان سے سوویت یونین کی واپسی' صدر ضیاء الحق کی یادگار ہے۔ اس عظیم کھیل میں شریک دوسرے کسی بھی کردار سے زیادہ صدر ضیاء الحق نے وہ صورت حال پیدا کی' جس کے نتیجے میں گورباچوف ملال کے ساتھ ناکامی کا اعتراف کرنے پر مجبور ہو گئے۔

جیسا کہ جنرل ضیاء کہتے تھے' جنیوا معاہدہ پاکستان کی ضرورتیں پوری نہیں کر سکا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک ایسا معاہدہ تسلیم کر کے جس کے تحت نہ تو کابل سے روس کی کٹھ پتلی حکومت ختم ہوئی اور نہ ہی تیس لاکھ مہاجر واپس گئے' پاکستان اپنے آپ کو ستے داموں بیچنے پر تیار ہو گیا ہے۔۔۔ وہ افغانستان میں ایک نئی حکومت کی تشکیل کے آرزومند تھے۔

سرکاری طور پر بھارتیوں نے تین دن تک صدر ضیاء الحق کا سوگ منایا' غیر سرکاری طور پر وہ جشن منا رہے تھے۔ وہ ایک ناقابل تسخیر دشمن تھے اور بھارت میں ان کی موت کا خیر مقدم کیا گیا ہے کہ شاید اس سے پاکستان سیاسی اور عسکری طور پر کمزور ہو جائے۔ ممکن ہے بے نظیر کے اقتدار میں آ جانے سے بھارت سے پاکستان کی دوستی قائم ہو جائے۔

انڈیا ٹوڈے۔ ۱۵ ستمبر ۱۹۸۸ء

جب تجزیہ نگار تاریخ کے صفحات میں جھانکیں گے تو وہ محسوس کریں گے کہ ضیاء الحق برصغیر کے کامیاب ترین مدبر اور سیاست دان تھے۔ صدر ضیاء الحق کے جنازے کے لئے احتیاط سے تشکیل دیئے جانے والے وفد میں شامل اٹل بہاری باجپائی نے' جو ۱۹۷۷ء میں پاکستان سے تعلقات کے نئے دور کا آغاز کرنے والے وزیر خارجہ تھے' یہ کہا ہے کہ "وہ اصلی گرو تھا' اس نے امریکہ کو نچایا' روس کو چکرایا اور ہمیں ستایا"۔

"وہ تیسری دنیا کے ایک منفرد سیاست دان تھے' جنہوں نے خارجہ پالیسی کو اپنی عافیت بنا لیا۔ ان کی کامیابیاں ایک مثال کا درجہ رکھتی ہیں۔ امریکہ دفاعی اعتبار سے ان کا بہترین دوست تھا اور امریکہ کا بدترین دشمن ایران ان کا سب سے بڑا تجارتی ساجھے دار۔ اس طرح جب سعودی عرب ایران کے خوف سے اربوں ڈالر کا اسلحہ خرید رہا تھا' پاکستان نے ایران کے پائلٹوں اور سپاہیوں کو تربیت دی' جبکہ سعودی عرب میں خود اس کے اپنے خرچ پر پاکستان کے ۳۵۰۰۰ سپاہی موجود تھے۔ صدر ضیاء الحق نے پاکستان کو امریکہ کی افغان پالیسی کا الگ نہ ہو سکنے والا اہم ترین حصہ بنا دیا اور روسیوں کے سامنے واضح کر دیا کہ وہ ان کی تائید کے بغیر افغانستان میں امن قائم نہیں کر سکتے۔ امریکی دباؤ کے باوجود انہوں نے اپنا ایٹمی پروگرام جاری رکھا۔

نیوز ویک۔ ۲۹ اگست ۱۹۸۸ء

اپنی ذاتی زندگی میں ضیاء الحق ایک ایسے شخص تھے جو مکمل طور پر دیانت دار تھے۔ لوگوں کا ان سے ملنا آسان تھا۔ اپنی شخصیت اور سیاسی مقاصد کے بارے میں وہ بے ساختگی سے گفتگو کرتے تھے۔ وہ تعلقات عامہ کی جبلی مہارت رکھتے تھے۔ "سربراہ مملکت" ہونے کے زعم میں مبتلا ہونے کی بجائے' جس نے کئی آمروں کو تباہ کیا' وہ ایک رولس رائس کار پر فوجی جیپ کو ترجیح دیتے تھے۔ وہ راولپنڈی کے ایک اوسط درجے کے فوجی بنگلے میں رہائش پذیر رہے اور انہوں نے ایوان صدر میں منتقل ہونا پسند نہ کیا۔ ایک ایسے ملک میں جو بدعنوانی کے لئے بدنام ہے' وہ دولت جمع کئے بغیر اس دنیا سے گئے۔ کیا وہ سیاست اور عالمی امور نمٹانے میں ایک سادہ لوح شخص تھے؟۔۔۔ بارہا ایسا ہوا کہ انہوں نے بڑی ذہانت سے پاکستان کے تاریخی دشمن بھارت سے پیش رفت کرنے کا موقع چھین لیا۔ نفرت اور محبت کے اس ملے جلے رشتے کی فضا میں جو تقسیم کے بعد سے دونوں ملکوں میں چلا آ رہا ہے اور جسے منقسم خاندانوں کے باہمی تعلق نے باندھ رکھا ہے' انہوں نے ہمیشہ صورت حال سے فائدہ اٹھایا۔ ۱۹۸۴ء میں وہ دنیا کے پہلے سربراہ حکومت تھے جنہوں نے خطرات کی موجودگی کے باوجود اعلان کیا کہ وہ اندرا گاندھی کے جنازے میں شریک ہوں گے۔ انہوں نے حیرت انگیز حد تک موثر کرکٹ ڈپلومیسی سے کام لیا' جبکہ گزشتہ سال وہ جے پور میں پاک بھارت میچ دیکھنے گئے اور اس موقع پر انہوں نے راجیو گاندھی سے ملاقات کر کے سرحدی کشیدگی ختم کی۔

فنانشل ٹائمز۔ ۳۰ اگست ۱۹۸۸ء

بھارتی مبصر اعتراف کرتے ہیں کہ صدر ضیاء الحق ایک ماہر مدبر تھے جنہوں نے بھارت کے ساتھ تعلقات کے معاملے کو نہایت زیرکی سے نمٹایا۔ پاکستان اور بھارت پر نظر رکھنے والے آزاد مبصر کہتے ہیں کہ ایٹمی پروگرام کے سلسلے میں ابہام کی کیفیت برقرار رہے گی اور دونوں ملکوں میں سے کوئی ایٹمی مہارت کا مظاہرہ نہ کرے گا۔۔۔ یہ اس امر کی ایک اور مثال ہے کہ صدر ضیاء الحق نے کس ذہانت سے اپنے ملک کے خارجی اور دفاعی معاملات چلائے۔

ان کا ایک اور کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے بھارت کے اندر کمال مہارت سے ایک لابی پیدا کر دی۔ بھارت کے باہر کم لوگ یہ جانتے ہیں کہ بھارت کے اندر ایک ایسا موثر اور طاقتور حلقہ پیدا ہو گیا ہے جو یہ چاہتا ہے کہ کمزور پڑوسی کو رعایتیں دی جائیں اور اس سے اچھا سلوک کیا جائے۔ وہ پاکستان جانے والے اپنے ہمسایوں کا خوشدلی سے خیر مقدم کرتے تھے اور گزشتہ دنوں اپنی کرکٹ ڈپلومیسی سے انہوں نے اس کی یاد تازہ کر دی' جب وہ اس وقت ایک میچ دیکھنے کے لئے بھارت آئے جب مسٹر راجیو گاندھی ان کا خیر مقدم کرنے پر آمادہ نہ تھے۔ انہوں نے سابق بھارتی وزیر اعظم معمر مرار جی ڈیسائی کو دونوں ملکوں کے مراسم بہتر بنانے کے لئے پاکستان کا اعلیٰ ترین سول اعزاز دے کر اس طرف اشارہ کیا کہ راجیو گاندھی نے اس سلسلے میں کچھ نہیں کیا۔

دی ٹائمز۔ ۱۸ اگست ۱۹۸۸ء

اس شخص نے جو اقتدار سنبھالنے کے موقع پر ایک سادہ لوح سپاہی نظر آتا تھا' ان لوگوں کو بار بار شکست سے دوچار کیا' جن کو ذہانت کا زعم تھا' اس میں ذوالفقار علی بھٹو سمیت جنہوں نے ان کا تقرر کیا' ان کے دوست بھی شامل ہیں۔ امکان یہ ہے کہ اگر حادثہ نہ ہو جاتا تو نومبر کے بلدیاتی اور پارلیمانی انتخابات میں بھی اپنے ماضی کی یاد تازہ کر دیتے۔ ان کے بعض دشمن بھی ان کی عزت کرتے تھے کہ وہ انتقام پسند نہیں۔ کہا جاتا تھا کہ وہ افراد کے ساتھ اپنے پیش روکی سی سختی نہیں کرتے اور افراد کی مخالفت میں وہ ان کے خاندانوں کو تباہ نہیں کرتے۔۔۔ اس اعتبار سے ان کی یہ آرزو جائز ہے کہ انہیں ایک معزز آدمی کے طور پر یاد رکھا جائے۔ ان کا تعلق کسی جاگیردار گھرانے سے نہیں' درمیانے طبقے کے ایک خاندان سے تھا۔ اپنے پیش رو ذوالفقار علی بھٹو اور پاکستان کے طاقتور طبقے کے دوسرے افراد کے برعکس ان کی ذاتی زندگی ہر طرح کے سکینڈلوں سے پاک تھی۔۔۔ وہ ایک پاکباز مسلمان تھے۔

ضیاء ایک پکے مسلمان تھے اور ان کی زندگی کا ایک مشن تھا۔ اپنے اقتدار کے اولین دنوں میں اکثر انہیں ان کے حقیقی قدوقامت سے کم درجے پر رکھ کر دیکھا گیا' تاہم انہوں نے اپنے نقادوں کو اپنی بروئے کار رہنے کی صلاحیت سے حیران کر دیا۔ ان کی سیاسی کامیابیوں کو ان کی خوش قسمتی قرار دیا جاتا رہا ہے۔ وہ واقعی خوش قسمت تھے لیکن ان کی سیاسی کامرانیاں ان کی چھٹی حس اور عزم کی پیداوار بھی تھیں۔ وہ ایک روایتی فوجی حکمران نہ تھے۔ وہ سیاسی تنقید میں انتہا درجے کے روادار تھے۔ انہوں نے اپنے دوستوں اور دشمنوں' دونوں کو توجہ کے ساتھ سننے کی عادت اور تکبر سے گریز کی بنا پر غیر مسلح کر کے رکھ دیا۔ خارجہ پالیسی کے میدان میں افغانستان کے بحران میں' انہوں نے جنگ کی جلتی آگ میں نہایت تحمل کا ثبوت دیا۔۔۔ انہوں نے عالمی طاقتوں اور بھارت کے ساتھ ایک ہی مہارت سے معاملات نمٹائے۔

ایشیا ویک۔ ۲ ستمبر ۱۹۸۸ء

جنرل ضیاء الحق ایک ایسے شخص کے طور پر جانے جاتے تھے' جن کی دیانت داری شک و شبہ سے بالاتر تھی۔ سیاست پر ان کی سخت گیرانہ پابندیوں کے باوجود وہ ایک ایسے شخص نہ تھے' جس کے کوئی اصول نہ ہوں۔ جب پاکستانی انہیں یاد کریں گے تو انہیں یاد آئے گا کہ انہوں نے کس طرح اپنے حریفوں کو ترغیب اور احتساب کے حیرت انگیز توازن کے ساتھ چت کر دیا۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ اس ملک میں کشش ثقل کا مرکز تھے' جو اپنی تخلیق ہی کے وقت سے مصائب کا شکار تھا' جسے دولخت کر دیا گیا اور جو مسلسل متصادم نظریات کی وجہ سے بحران اور کشاکش کا شکار رہا۔

ایک عہد ساز شخصیت

پاکستان کی تاریخ کا دھارا پھر ایک جگہ آ کر تھم گیا ہے۔ صدر جنرل محمد ضیاء الحق کی شہادت اس قدر اچانک تھی کہ ابتداء میں تو خبر کے مستند ہونے کا یقین نہ تھا۔ لیکن قدرت کے قانون میں ترمیم ناممکن ہے۔ جنرل ضیاء الحق کی شہادت پاکستان کے مستقبل کا دھارا کس سمت موڑتی ہے یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا لیکن بہاولپور کے قریب وہ جس فضائی حادثے کا شکار ہوئے اس میں جنرل اختر عبدالرحمن، لیفٹیننٹ جنرل میاں محمد افضال، میجر جنرل محمد شریف ناصر، میجر جنرل عبدالسمیع، میجر جنرل محمد حسین اعوان، بریگیڈئیر صدیق سالک، بریگیڈئیر نجیب، بریگیڈئیر معین الدین خواجہ، بریگیڈئیر عبدالماجد، بریگیڈئیر محمد لطیف، کرنل صفدر محمود، اسکواڈرن لیڈر راحت، حبیب صدیقی، کیپٹن زاہد رانا، جہاز کے کپتان کیپٹن ونگ کمانڈر مشہود ان کے عملے کے چودہ ارکان جیسے ذہین اور تجربہ کار لوگ شامل تھے اس کے علاوہ پاکستان میں امریکہ کے سفیر آرنلڈ رافیل اور فوجی اتاشی بریگیڈئیر واسم بھی اس المناک حادثے کا شکار ہونیوالوں میں شامل تھے یہ نقصان اتنا سستا بھی نہیں جو بہائے جانیوالے آنسوؤں اور دس دن کا قومی سوگ اس کی تلافی کر دے یہ المناک حادثہ آج ہمیں تاریخ کے ایک اہم موڑ پر لے آیا ہے جہاں سے مستقبل کی واضح ہئیت نظر نہیں آتی۔ تاریخ نے ہم سے کئی مرتبہ مذاق کیا ہے اور بیرونی سازشوں نے اہم دوراہوں پر سمتوں کے غلط تعین نے اہم کردار ادا کیا ہے اور اس سے قبل ۱۹۵۳ء میں اورئینٹ ایروز کا طیارہ سازش کا شکار ہوا تھا جب وزیراعظم لیاقت علی خان کے قتل کی تحقیقاتی رپورٹ لے کر راولپنڈی سے کراچی جا رہا تھا اور اس طیارے میں جنرل افتخار مرزا اور جنرل شیخ علی خان جاں بحق ہو گئے تھے اگر وہ رپورٹ منظر عام پر آ جاتی تو آج پاکستان کا جغرافیہ مختلف نہ ہوتا لیکن دوسرے فضائی حادثے نے ہماری کمر توڑ کر رکھ دی ہے جو ۳۰ جانیں اس فضائی حادثے میں کام آئیں وہ برسوں کی ریاضت کا نچوڑ تھیں۔ تجربات کی بھٹی میں پک کر کندن بن چکی تھیں اور پاکستان کا ایک ایسا اثاثہ تھیں جو اپنے وجود میں ملک کے تحفظ کی علامت تھیں۔

صدر ضیاء الحق کی ذاتی شخصیت شرافت اور سادگی کا نمونہ تھی جب انہیں پاکستان کی مسلح افواج کا سربراہ بنایا گیا تو خیال تھا کہ اس وقت کے وزیراعظم مرحوم ذوالفقار علی بھٹو نے ایک ایسے شخص کو فوج کا سربراہ متعین کیا ہے جو کبھی بھی اپنی حدود سے تجاوز نہیں کرے گا اور افواج میں ان کے لیے وفاداری کی علامت ثابت ہو گا۔ لیکن جب سیاسی جماعتوں کے اتحاد پی این اے اور حکومت کی مابین رسہ کشی ملک کو خانہ جنگی کے دھانے پر لے آئی اور پوری قوم کو سیاسی بحران میں دھکیل دیا گیا اور پوری قوم پر بے یقینی اور مایوسی کے سائے لہرانے لگے تو فوج کے چیف آف اسٹاف کی حیثیت سے جنرل محمد ضیاء الحق نے اپنا کردار نبھانا ضروری سمجھا کیونکہ افواج پاکستان ہی بیرونی خطرے اور اندرونی خلفشار میں تحفظ کی علامت ہیں اور پھر ۵ اپریل ۱۹۷۷ء کو پرامن فوجی انقلاب کے لیے بھٹو حکومت کو معزول کر کے اور مارشل لاء کا نفاذ کر دیا او بحیثیت چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر انہوں نے اپنی پہلی نشری تقریر میں آئینی تقاضوں کے تحت ۹۰ روز کی مدت میں انتخابات کرانے اور ملک کو دوبارہ جمہوریت کی راہ پر گامزن کرنے کا وعدہ کیا بعد میں سیاسی حالات اور ایک پارٹی سے دشمنی کی حد تک رقابت اور جنرل ضیاء الحق کے اپنے وعدے کے مطابق سیاسی جماعتوں کے سربراہان کے مشورے کے نتیجے میں انتخابات کے وعدے پر نظر ثانی کی گئی اور انہیں غیر معینہ مدت کے لیے التوء میں ڈال دیا گیا۔ سابقہ دور حکومت کے خلاف احتساب کے عمل شروع ہوا اور پی این اے نے جنرل ضیاء کی دعوت پر اقتدار میں شرکت کا فیصلہ کیا اور یوں سیاسی کارکنوں کے بقول ان کے خون کی قیمت وصول کی گئی۔ جنرل ضیاء الحق نے ۱۹۷۹ء میں ایک مرتبہ پھر انتخابات کے انعقاد کا اعلان کیا۔ لیکن اس مرتبہ بھی ان کا انعقاد ملتوی کر دیا گیا۔ ۴ اپریل ۱۹۷۹ء کو سابق وزیراعظم کو پھانسی دیئے جانے کے بعد جنرل ضیاء الحق بھی سیاسی کشمکش کا شکار بن گئے اور شاید یہی وہ لمحات تھے جن نے ہمیں فوج کے وقار اور تحفظ کی خاطر طویل المعیاد حکمرانی کے بارے میں سوچنے پر مجبور کر دیا اور یوں انہوں نے ملک کو ایک ایسا نیا سیاسی نظام دینے کا فیصلہ کیا جس کے ڈانڈے نہ تو ایوب خان سے ملتے تھے اور نہ ہی یحییٰ خان سے اور اس نظام کی شاخیں نہ ہی مغربی جمہوریت کے تناور درخت سے پھوٹی تھیں۔

ان کے سیاسی نظریات اور افکار سے اختلاف سہی لیکن ان کی ذاتی شرافت و نجابت اور اسلام سے وابستگی سے کسی کو انکار نہیں اور اختلاف جہاں ان کے سیاسی نظریات سے تھا وہیں اس بات سے بھی تھا کہ انہوں لاشعوری طور پر سہی اسلام سے اپنی وابستگی کو اقتدار کی طوالت کا ذریعہ بنایا اور ۱۹۸۴ء میں اسلامائزیشن کی تکمیل کے لیے ریفرنڈم کرایا اور اسے پاکستان کے عوام کی جانب سے انہیں پانچ سال تک سربراہ مملکت کی حیثیت سے کام کرنے کی سند جانا۔ جنرل محمد ضیاء الحق مشاورت کے بے انتہا قائل

تھے اور انہوں نے مملکت پاکستان کو ایک نیا سیاسی ڈھانچہ دینے کے لیے زندگی کے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے مذاکرات کیے۔ اور پھر ۱۹۸۵ء میں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات غیر جماعتی بنیادوں پر کرا دیئے۔ خود انہوں نے فوج کا چیف آف آرمی اسٹاف رہتے ہوئے صدر مملکت کا عہدہ بھی سنبھال لیا اور وزیر اعظم صدر کے مابین اختیارات میں توازن پیدا کرنے کے لیے ترمیم بھی کی گئیں۔ جس پر ان آرا کا اظہار کیا گیا کہ صدر مملکت نے حکمرانی پر گرفت مضبوط رکھنے کے لیے یہ ترامیم کرائی ہیں اور اس قیاس کی تصدیق اس وقت ہو گئی جب ۲۹ مئی ۱۹۸۸ء کو انہوں نے بیک جنبش قلم قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیاں توڑتے ہوئے مرکز اور صوبوں کی حکومتوں کو برطرف کرتے ہوئے نئی نگران حکومتیں تشکیل دے دیں۔ جنرل ضیاء الحق نے آئینی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ۱۶ نومبر کو عام انتخابات کرانے کا اعلان کیا تھا کہ ایک مرتبہ سیاسی ایوان تو تشکیل پائے اس کے بعد ان سے بنیادی جمہوریت کی بحالی کی امداد رکھی جائے۔

لیکن شاید اللہ تعالیٰ کو اپنے اس بندے کا زوال منظور نہیں تھا جو اس کا رطب اللسان تھا ہر کام کی ادائیگی میں پہلے اس کا نام لیتا تھا۔ خدا کے گھر میں حاضر ہو کر آنسوؤں سے ملک و ملت کے اتحاد کی دعا مانگتا تھا جس نے ہر گھڑی ہر سانس میں رب ذوالجلال سے اپنا ناطہ قائم رکھا اور اللہ تعالیٰ اپنے سے برگزیدہ بندے کو شہادت کا رتبہ دے کر سرفراز کیا اور روایت کے برعکس عروج کو زوال نہ آنے دیا۔ جنرل ضیاء الحق کی موت، چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر، ایک صدر، یا ایک چیف آف آرمی اسٹاف کی موت نہیں بلکہ ایک قومی المیہ ہے ایک بین الاقوامی سانحہ ہے جس پر پوری قوم سن اور بین الاقوامی برادری سوگوار ہے۔ جنرل محمد ضیاء الحق کو اس بات کا کریڈٹ جاتا ہے کہ انہوں نے سیاست کو شرافت کا روپ دیا اور اپنی آخری سانس تک قوم کا اخلاقی قبلہ درست کرنے میں مصروف رہے، ۱۷ اگست کو ایک عہد ساز دور کا اختتام ہی نہیں بلکہ ایک تاریخ ساز شخصیت ہمارے درمیان سے اٹھ گئی۔ جنرل ضیاء الحق نے پاکستان پر طویل ترین عرصے تک حکمرانی کی۔ ان کے مارشل لاء کا دورانیہ ایوب خاں اور یحییٰ خاں دونوں کے مارشل لاء کی مجموعی مدت سے بھی زیادہ ہے چیف آف اسٹاف کے عہدے پر طویل ترین عرصے تک فائز رہنے کا اعزاز بھی انہی کو حاصل ہے اور ان کے سیاسی اثرات ایک طویل عرصے تک اس ملک پر رہیں گے۔

مولانا سید عبداللہ بخاری امام جامع مسجد دہلی کیساتھ

جنرل محمد ضیاء الحق نے نامساعد حالات میں بھی جرات اور پامردی کا ثبوت دیا اور مسئلہ افغانستان اس کا منہ بولتا ثبوت ہے انہوں نے اپنے اس موقف کی بھاری قیمت بھی ادا کی لیکن ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹایا، انہوں نے دس سال تک افغانستان کے مسئلے پر ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا اور افغان مجاہدین کی سب سے بڑی اخلاقی طاقت تھے اور پھر جنیوا معاہدے کی صورت انہیں ایک سپر پاور کے مقابلے میں اخلاقی فتح حاصل ہوئی۔ پاکستان آٹھ سال تک ایران عراق جنگ کے اثرات بھی برداشت کرتا رہا اور جنرل محمد ضیاء الحق نے یہاں بھی فہم و تدبر کا عملی ثبوت دیا اور ایران عراق جنگ کے لئے ہمہ وقت مصروف رہے اور ایک فعال کردار ادا کیا، جنرل محمد ضیاء الحق نے بھارت جیسے ازلی دشمن کی شاطرانہ چالوں کا انتہائی تحمل، سکون اور بردباری سے مقابلہ کیا کئی مواقع ایسے آئے جب دونوں ممالک میں جنگ کے گھمبیر بادل منڈلانے لگے لیکن انہوں نے تندی اور تیزی دکھانے کی بجائے اپنی نرم گوئی اور سیاسی بردباری کی بدولت بھارت کو اخلاقی محاذ پر پسپا ہونے پر مجبور کر دیا اور کرکٹ ڈپلومیسی کے ذریعے جنگ کے ابھرے ہوئے غبار کو جھاگ کی طرح بٹھا دیا اور بھارتی ڈپلومیسی کے ناخداؤں پر ایک کاری چپت رسید کی، جنرل محمد ضیاء الحق کی موت پر ساری بین الاقوامی برادری غم و اندوہ کی تصویر بنی ہوئی ہے انہوں نے خود کو بین الاقوامی سطح پر ایک سیاسی مدبر تسلیم کروایا اور جب کمیونزم کی پیش قدمی کی تاریخ میں افغانستان

اُردن کے ولی عہد شہزادہ حسن بن طلال کیساتھ

سے روسی فوجوں کے انخلا کی صورت جو معجزہ رونما ہوا اس نے بین الاقوامی سطح پر جنرل محمد ضیاء الحق کے سیاسی قد کو بڑھایا۔ جنرل ضیاء الحق قومی و بین الاقوامی سیاست کی بھٹی میں پک کر اب کندن بن چکے تھے انہوں نے اقوام متحدہ غیر جانبدار تحریک اسلامی کانفرنس اور دیگر بین الاقوامی اداروں میں اپنی صلاحیتوں اور پالیسیوں کی بدولت پاکستان کا وقار بلند کیا اور بین الاقوامی مسائل خصوصی اسلامی ممالک سے وابستہ مسائل میں پاکستان کے نقطہ نظر کو اہمیت دی جانے لگی تھی، جنرل ضیاء الحق کے تدبر، فراست اور تجربے پر اگر نظر ڈالی جائے اور بین الاقوامی مسائل میں ان کے کردار کو پرکھا جائے تو نہ صرف یہ کہ پاکستان بلکہ پوری امہ مسلمہ میں ان کے پائے کی دوسری شخصیت موجود نہیں ان کی جدائی کی صورت میں ہمیں جو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے آنے والی رہائی بھی شاید اس نقصان کو پورا نہ کر پائے۔

اب وقت آیا تھا کہ جنرل محمد ضیاء الحق کی بصیرت سے فائدہ اٹھایا جاتا ان کے تجربات کے نچوڑ سے پاکستان کے ایک مضبوط مستقبل کی بنیاد رکھی جاتی ان کی فوجی اور سیاسی تربیت کو ملک کے بہترین مفاد میں استعمال کیا جا سکتا، لیکن ایسا نہ ہو سکا یا ایسا ہونے نہ دیا گیا دونوں صورتوں میں نقصان پاکستان کو ہی ہوا۔ جنرل محمد ضیاء الحق کو اقتدار کا ایک طویل عرصہ میسر آیا تھا اور وہ کچھ کر سکتے تھے جو ماضی میں کوئی دوسرا نہیں کر پایا تھا بعض مفادات اور سیاسی مجبوریوں نے ان کے ذہین میں پاکستان کے لئے ایکنئی سیاسی راہ متعین کر دی تھی اور وہ تمام عرصہ اس منزل تک پہنچنے کے لئے سرگرداں رہے، انہوں نے کئی راستے بدلے کئی طوفانوں کا مقابلہ کیا حالات کی نبض پر ہاتھ رکھ کر مستقبل کے لئے فیصلہ کرنے کی سعی کی، ہر نئے راستے ہر نئے ہمسفروں کا انتخاب کیا لیکن وہ شاید اس قدر راستے تبدیل کر چکے تھے انہیں مایوس نہیں کیا تھا اور وہ قوم کو ہر نیا راستہ بدلنے کی گھڑی جلد ہی ایک سہانے مستقبل کی نوید سناتے رہے لیکن قوم نے ان پر جو سیاسی سرمایہ کاری کی تھی اس کے منافع کی بات تو بات میں خسارہ ہی پورا نہیں ہوا تھا کہ وہ داعی اجل کا شکار ہو گئے وہ خود بھی منزل کی تلاش میں سرگرداں رہے اور گیارہ برس کے بعد آج قوم بھی وہیں کھڑی ہے جہاں سے اس نے گیارہ برس قبل جنرل ضیاء الحق کے ساتھ ملک کو سیاسی استحکام دلانے کی منزل کی جانب سفر شروع کیا تھا جنرل ضیاء الحق آہوں اور سسکیوں کے درمیان رخصت تو ہوئے اور ان کی تہذیب، شائستگی، حسن سلوک اور شرافت کے باعث پوری قوم نوحہ کناں بھی ہے لیکن اس کے ساتھ بھی سیاسی بحران اور آئینی خلا کا شکار بھی۔

سینٹ کے چیئرمین غلام اسحاق خاں کے صدر عہدہ سنبھالنے سے آئین کی پاسداری تو کی گئی لیکن اس کے ساتھ ہی ملک میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی اور امور مملکت کی انجام دہی کے لئے ایک ایمرجنسی کونسل بھی تشکیل دی گئی جس میں تینوں افواج کے سربراہ بھی شامل ہیں نئے صدر نے اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ انتخابات جنرل ضیاء الحق کے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق ۱۶ نومبر کو ہوں گے۔ لیکن صورت حال کا تقاضا اور حالات کی روانی کچھ اور ہی کہانی سناتی نظر آتی ہے گذشتہ گیارہ برسوں میں سیاست میں علاقائیت اور عصبیت کی فضا قائم ہوئی ہے اس نے ملک کے اجتماعی سیاسی ڈھانچے کو بے حد متاثر کیا ہے سیاست میں قومی سوچ کا فقدان پیدا ہو گیا ہے اور یہ گلی کوچوں میں بکھر کر رہ گئی ہے گو کہ آج بھی ۹۰ دن میں انتخابات کرانے کا وعدہ ہے لیکن ۹۰ دن کا یہ ہندسہ پاکستان کو کبھی راس نہیں آیا، پاکستان کو سیاسی پٹری سے اترے تقریباً ۲۵ برس ہو چکے ہیں اور صدر پاکستان غلام اسحاق خاں کے لئے یہ ایک بہترین موقع ہے کہ وہ قوم کو جمہوریت کی پٹری پر رہنے دیں اگر صورت حال کا گہرائی سے جائزہ لیا جائے تو سیاست کبھی بھی صدر غلام اسحاق خاں کیلئے کھیل کا میدان نہیں رہی وہ دو جمع دو کرنے والے آدمی ہیں لیکن اقتدار میں شرکت کا جو احساس فوج اور

جہاد افغانستان کا انتہائی قریبی ساتھی جنرل اختر عبدالرحمٰن شہید

جنرل درانی کیساتھ

بیوروکریسی میں پیدا ہوچکا ہے وہ ان کے فیصلوں کو کس حد تک اثر انداز کرے گا یہ تو مستقبل قریب میں پتہ چل جائے گا۔ ملک اندرونی طور پر سیاسی بے راہ روی کا شکار ہے اور اسے جنرل محمد ضیاء الحق کے گیارہ سالہ پابند سیاسی دور میں تقویت بھی حاصل ہوئی اس اعصاب شکن ماحول میں فوج کے سیاسی کردار کے نعرے بے حد کشش ہے۔ لیکن فوج کے سیاست میں ملوث ہونے کے ہمیں شدید نتائج بھی بھگتنا پڑے ہیں۔ ۱۹۷۱ء کا سانحہ ہماری قومی تقدیر کے ساتھ کھلا مذاق تھا۔ لیکن ہم اس پریشانی کو بھی بھول گئے۔ ملک میں عدم تحفظ کی جو فضا قائم ہے اور سیاسی ناپائیداری کے جس پودے کی اب تک آبیاری کی جاتی رہی ہے اس سے ملک میں لسانی، نسلی، علاقائی فرقہ واریت نے خانہ جنگی کی سی کیفیت پیدا کردی ہے۔ خوف ودہشت کی یہ فضا کسی بڑے سانحہ کی عکاس ہوتی ہے اور ہمیں جو جھٹکا سقوط مشرقی پاکستان کی صورت لگا تھا کہ اسی نے ہماری توڑ دی تھی اب ہم میں مزید کوئی کرب برداشت کرنے کا صبر نہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے موجودہ حالات سے غلام اسحاق خان فائدہ اٹھاتے ہوئے ملک کو سیاسی استحکام بخش دیں اور ایسے اقدام کا اعلان کریں جس سے فوج ہمیشہ کے لئے سیاست کی وادی اور اقتدار کے ایوانوں سے نکل جائے۔

جنرل محمد ضیاء الحق ہی ہم سے جدا نہیں ہوئے بلکہ ۳۰ افراد کی ہلاکت کے باعث ہم ایک ناقابل تلافی نقصان سے بھی دوچار ہوئے ہیں۔ ہر مرنے والا اپنے ساتھ کتنے بچوں کو یتیم کر گیا، کتنی سہاگنوں کے سہاگ اجڑ گئے کتنے والدین اپنے لخت جگروں سے محروم ہوگئے۔ قوم نے ان سپوتوں کی یہ قربانی ہم سے کچھ تقاضا کرتی نظر آتی ہے۔ اپنی قربانی کا صلہ چاہتی ہے اپنے مر مٹنے کا انعام چاہتی ہے اور وہ ہے ایک مضبوط، خوشحال پاکستان جہاں ہم حادثے کا شکار ہونے والوں کے پس ماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں وہیں ہمیں اس بات کی کوشش کرنا چاہیئے کہ جس فرض پر وہ قربان ہوگئے وہ پورا ہو۔

امریکی سفیر رافیل



صبر و تحمل کا پیکر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ضیاء الحق



شہید جنرل ضیاء الحق نہ صرف پاکستان عوام کے ہر دلعزیز لیڈر تھے بلکہ عالم اسلام کے عظیم مجاہد تھے۔ صدر ضیاء طیارے کے ایک حادثے میں جاں بحق ہوگئے وہ بہاول پور کی فوجی مشقوں کے معائنے کے لیے گئے تھے واپسی پر جیسا ہی اُن کا طیارہ فضا میں بلند ہوا۔ طیارے نے دو قلابازیاں کھائیں اور ایک دھماکے سے پھٹ کر زمین پر آگرا۔ اس حادثے میں صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق سمیت دیگر ۳۵ اعلیٰ اور سول حکام بھی جاں بحق ہوگئے۔ امریکی سفیر آرنلڈ رافیل بھی صدر کے ہمراہ تھے وہ بھی ہلاک ہوگئے

اس اندوہناک خبر نے پورے پاکستان میں کہرام برپا کردیا تھا۔ جنگل میں آگ کی طرح ان کی ہلاکت کی خبر ملک میں پھیل گئی۔ ہر شخص کی آنکھ اشکبار ہوگئی۔ ہر دل اداس ہوگیا۔ ہر شخص پر سکتہ چھا گیا۔ کسی کی کچھ سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اُن کے محبوب راہنما کو کس کی نظر لگ گئی۔

جنرل محمد ضیاء الحق نے سابق وزیراعظم بھٹو کو معزول کرکے اقتدار حاصل کیا تھا وہ گیارہ سال برسراقتدار رہے۔ ۵ سال تک وہ مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر رہے۔ بعد ازاں انہوں نے ریفرنڈم کرایا اور آئینی طور پر سویلین صدر ہوگئے۔ تین سال قبل انہوں نے محمد خان جونیجو کی قیادت میں مسلم لیگ کی حکومت قائم کی۔ مارشل لاء کے دور سے لیکر اس حادثے تک انہوں نے معاشرت، سیاست، ثقافت، سائنس، تجارت اور قانون ہر شعبے میں اسلامی نظام کے نفاذ کے متعدد عملی اقدامات کیے۔ وہ اسلامی نظام کے حامی تھے۔ اور شریعت مصطفےٰ کو ہر شعبے میں داخل کرنا چاہتے تھے۔ انہوں نے اس مقصد کے لیے ابتداء میں نظام زکوۃ و عشر سود سے پاک بنکاری نظام قائم کیا شریعت کے منافی قوانین کو ختم کیا اور اسلامی نظریاتی کونسل کی بنیادی رکھی۔ مرحوم ضیاء الحق ایک امن العقیدہ مسلمان تھے وہ دین کی سربلندی اور اس کے فروغ کو بخشش اور نجات کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ حال ہی میں انہوں نے اسلامی نظام کے مزید اقدامات کیے تھے۔ قاضی عدالتیں قائم کی گئی تھیں۔ عدل و احسان کے نظام کے بارے میں وہ کوئی اہم اقدام کرنے والے تھے۔ کہ خدا نے انہیں مہلت ہی نہیں دی۔ وہ حادثے کا شکار ہوکر اپنے محبوب خالق حقیقی سے جاملے۔

صدر جنرل محمد ضیاء الحق بہترین اوصاف کی حامل شخصیت کے مالک تھے۔ فوجی ٹریننگ نے انہیں سخت جان بنا دیا تھا۔ وہ اٹھارہ گھنٹے قوم کی خدمت کرتے تھے نماز اور روزے کے پابند تھے۔ اسلامی احکامات کی سختی سے بجا آوری کرتے تھے۔ وہ ایک عظیم محب وطن اور پکے مسلمان تھے۔ اُن کے خیال میں حکمرانی پھولوں کی سیج نہیں کانٹوں کا تاج تھی۔ وہ امور مملکت کی انجام دہی میں دیانت داری، انصاف پسندی اور خوف خدا اسے کام لیتے تھے۔

پاکستان عوام سے بے پناہ محبت کرتے تھے۔ شریف النفس تھے۔ بچے بوڑھے اور نوجوان سب ہی ان کو احترام اور محبت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

انہوں نے پاکستان کو ہر شعبے میں زبردست اور مثالی ترقیوں سے ہمکنار کیا۔ اُن کے دور حکومت میں متعدد بحرانوں نے جنم لیا۔ وہ ہر آزمائش میں سرُخرو ہو کر نکلے۔ انہوں نے پامردی بہادری اور فہراست سے قوم کو بحرانوں سے نکالا۔ افغانستان سے روسیوں کو بھگانے اور بھارت کو محاذ آرائی سے دور رکھنے میں اُن کی ذہانت، بیدار مغزی اور حاضر دماغی کا بڑا دخل ہے۔ ایران عراق جنگ ہو یا لبنان اور اسرائیل میں فلسطینوں پر ظلم و ستم، وہ مسلمانوں کی جدوجہد کی حمایت میں آگے آگے تھے۔

بین الاقوامی دنیا میں وہ خارجہ امور کو بحسن خوبی سے نمٹانے میں ماہر سمجھے جاتے تھے انہوں نے اندرونی بیرونی دونوں محاذوں پر گرفت مضبوط رکھی تھی۔ وہ نرم مزاج کے اعتدال پسند آدمی تھے۔ سخت اور مشکل اور کشیدہ حالات میں بھی صبر و تحمل کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے۔ وہ جنگ کے بادلوں کو امن کی فضاء میں تبدیل کرنے میں بھی اپنی مثال آپ تھے۔ انہوں نے دو مرتبہ جنگ تھوپنے کی بھارتی کوششیں ناکام بنائیں۔ وہ عالم اسلام کے اتحاد کے زبردست علم بردار تھے۔ اُن کے دور میں پاکستان کے اسلامی ملکوں سے تعلقات مثالی رہے۔ وہ مغرب میں اپنی اعتدال پسند پالیسیوں کے باعث پسند کیے جاتے تھے۔ افغانستان کے حوالے سے انہوں نے عالمی سطح پر شہرت حاصل کی تھی۔

اُن کی وفات نہ صرف پاکستان بلکہ عالم اسلام کا ناقابل تلافی نقصان ہے۔ اُن کی وفات سے پاکستان ایک عظیم مجاہد سے محروم ہو گیا۔ گویا قوم یتیم ہو گئی ہے۔ ہر شخص افسردہ اور دل بوجھل بوجھل ہیں۔ اپنے محبوب قائد کے لیے۔ جنکی شفقت محبت اور مہربانیاں ہمیں اپنے سرپرست کے جدا ہونے کا احساس دلا رہی ہیں۔ شہید کی تیسری برسی کے موقعہ پر آئیے ہم سب عہد کریں کہ قوم کو مایوس نہیں ہونے دیں گے۔ صدر ضیاء الحق کے مشن کو آگے بڑھائیں گے۔ ملک کو ان کے بتائے ہوئے پروگراموں کے مطابق ترقی دیں گے۔ انشاء اللہ ہمارے قائد کے پاکستان کو اسلام کا جو ناقابل تسخیر قلعہ بنانے کا خواب دیکھا تھا۔ اُس کا تعبیر قوم کو دیں گے۔ آزمائش او راستحان کی اس گھڑی میں اپنے اندر اتحاد، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دیں گے۔ اور اس ملک کو شہید صدر کے خوابوں کی تعبیر بنائیں گے۔

شہید کے فرزند فخر پاکستان جناب اعجاز الحق اور ڈاکٹر انوار الحق کے ہاتھ مضبوط کریں گے ضیاء الحق شہید فاؤنڈیشن کو فعال اور مضبوط بنا کر جنرل ضیاء کی پالسیوں کے عملی نفاذ کیلئے جدوجہد کریں گے۔

ایک فوجی حلی کاپٹر میں

امریکہ کے ڈاکٹر ہنری کسنجر کیساتھ

صدر ضیاء شہید، کے ایم عارف کی نظر میں

صدر جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم مجھ سے عمر میں چھ سال بڑے اور فوجی ملازمت کے اعتبار سے پانچ سال سینئر تھے۔ میری ان کے ساتھ رفاقت ۳۷ برسوں پر محیط ہے۔ ۵۱ میں ہماری پہلی ملاقات آرمرڈ کور سنٹر نوشہرہ میں ہوئی۔ اس وقت میں لیفٹیننٹ اور صدر ضیاء الحق کیپٹن تھے۔ میں اس وقت سے ہی ان کی صلاحیتوں اور عظمت کا قائل ہو گیا تھا وہ شروع ہی سے عبادت گزار، صوم و صلوۃ کے پابند اور انتھک محنت کے عادی تھے۔ پاکستان اور اس کی محبت ان کے دل میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ وہ پاکستان کے پہلے سربراہ تھے جنھوں نے یتیموں، بیواؤں مزدوروں اور غریب لوگوں کے لئے کئی تاریخ ساز اقدامات کئے۔ انہوں نے عمر بھر کبھی شراب کو ہاتھ نہیں لگایا۔ انہیں دیکھ کر دوسرے لوگوں میں نماز پڑھنے کی عادت پیدا ہوئی تھی۔ شروع شروع میں ان کی دینداری کی وجہ سے دوسرے فوجی افسر انہیں مولوی ضیاء الحق کہا کرتے تھے۔ تاہم وہ ایک راسخ العقیدہ مسلمان تھے وہ اپنے ماتحتوں کے ساتھ براہ راست رابطہ رکھنے کے قائل تھے۔ اپنی ابتدائی فوجی زندگی میں ان کی طبیعت میں بہت غصہ تھا مگر بعد ازاں ان کے مزاج میں دھیما پن آتا گیا وہ دوسروں کا نقطہ نظر بہت توجہ سے سن کر فیصلے دینے کے عادی تھے۔ وہ کہا کرتے تھے کہ ہر انسان کو سچا سمجھنا چاہیے جب تک اس کا جھوٹ ثابت نہ ہو جائے۔ ان کے اس نقطہ نظر کی وجہ سے کئی لوگوں نے بہت سے ناجائز مفادات بھی حاصل کئے۔ بین الاقوامی امور اور انتظامی، فوجی معاملات میں بھی صدر ضیاء الحق شہید کو پورا عبور حاصل تھا تاہم وہ اقتصادی امور میں اتنے ماہر نہ تھے۔ ان خیالات کا اظہار سابق وائس چیف آف آرمی اسٹاف (ریٹائرڈ) جنرل خالد محمود عارف نے صدر جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم کے ساتھ ۳۷ سالہ رفاقت پر مبنی اپنی یادداشتیں بیان کرتے ہوئے گفتگو کرتے ہوئے آغاز کرتے ہوئے (ریٹائرڈ) جنرل خالد محمود

عظیم ہیرو کی عظیم بیوی

عارف نے بتایا کہ صدر جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم کو اگست ۴۵ء میں کمیشن ملا تھا۔ یہ انگریزی عہد حکومت تھا وہ اپنی یونٹ کے ساتھ مشرق بعید چلے گئے۔ اتفاق سے وہاں عید الفطر آ گئی۔ انہوں نے عید کی نماز پڑھی اور اس وقت کے آرمی رولز کے خلاف سارا دن شلوار قمیض زیب تن کئے رکھی۔ ان کے انگریزی افسر نے کہا "ضیاء الحق ہندوستانی لباس پہننا فوجی افسر کو زیب نہیں دیتا" چنانچہ اس جرم کی پاداش میں انکی پوسٹنگ دوسری یونٹ میں کر دی گئی۔ (ریٹائرڈ) جنرل خالد محمود عارف نے بھولی بسری یادیں تازہ کرتے ہوئے بتایا کہ ۵۱ء میں آرمرڈ کور سنٹر نوشہرہ میں میں نے صدر ضیاء الحق کے ساتھ جونئیر افسر کی حیثیت میں کام کیا تھا۔ وہ انتہائی چاق و چوبند اور ان تھک محنت کے عادی فوجی افسر تھے۔ اس زمانے میں انہیں قوالی اور

غزل سننے کا بے حد شوق تھا۔ تاہم وقت کی پابندی کرنے میں ان سے کچھ کوتاہی ہو جایا کرتی تھی۔ اسی عہد میں وہ روزانہ ۸۰ سے لے کر سو تک سگریٹ پیا کرتے تھے۔ ان کی دینداری شروع ہی سے مثالی تھی۔ کچھ دوسرے فوجی افسر انہیں مولوی ضیاء الحق کہا کرتے تھے۔ انہوں نے ۷۲ء میں فسٹ آرمرڈ ڈویژن میں شراب نوشی پر اس وقت پابندی لگا دی تھی جب کہ ملک میں شراب پر قانونی پابندی عائد نہیں کی گئی تھی۔ (ریٹائرڈ) جنرل خالد محمود عارف نے "اپنے طویل انٹرویو کے دوران بتایا کہ وہ صدر جنرل ضیاء الحق شہید کے ساتھ کم و بیش ۳۷ سال تک کام کرتے رہے ہیں مگر اس ساری مدت میں انہیں ان سے کوئی شکایت پیدا نہیں ہوئی ان کی کئی عادات غیر معمولی اہمیت کی حامل تھیں مثلاً وہ بہت کم سوتے اور زیادہ کام کرنے کے عادی تھے۔ ۷۷ء سے ۸۷ء تک مجھے انکی اس عادت کا قریب سے مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔ وہ بسا اوقات رات بارہ ایک بجے فون پر سرکاری افسران کو ہدایات دیتے اور تہجد پڑھ کر کچھ دیر آرام کرتے تھے۔ نماز فجر کے بعد قرآن حکیم کی تلاوت کرتے۔ پھر ناشتہ اور ساڑھے نو دس بجے کے لگ بھگ اپنی سرکاری مصروفیات شروع کر دیا کرتے تھے۔ پھر یہ مصروفیات رات بارہ ایک یا دو بجے تک جاری رہتیں۔ قدرت نے انہیں یہ صلاحیت دے رکھی تھی کہ وہ کم وقت سو کر ہشاش بشاش ہو جاتے تھے۔ (ریٹائرڈ) جنرل خالد محمود عارف نے بتایا کہ ۶۹-۶۸ کے دوران صدر ضیاء شہید اور میں کھاریاں میں اکٹھے رہے تھے۔ اس وقت مرحوم بریگیڈئیر اور میں لیفٹیننٹ کرنل تھا۔ اس دور کے ساتھ بھی کئی یادیں وابستہ ہیں۔ میں نے دیکھا کہ بریگیڈئر ضیاء الحق ڈسپلن اور ٹریننگ کے معاملے میں بہت سخت تھے۔ اس کے لیے وہ دن رات محنت کیا کرتے۔ اور اپنے ماتحت افسروں کو بھی چین سے نہ بیٹھنے دیتے۔ وہ اپنے فوجی منصب پر فرائض کی بجا آوری کے ساتھ ساتھ ٹینس اور گاف بھی باقاعدگی کے ساتھ کھیلا کرتے تھے۔

صدر ضیاء الحق نے ۵۵ء میں اسٹاف کالج کوئٹہ سے کورس پاس کیا بعد میں ان کی پوسٹنگ ملٹری آپریشن ڈائریکٹریٹ جی ایچ کیو میں ہو گئی۔ یہ بڑے اعزاز کی تقرری اور ان کی صلاحیتوں کا اعتراف تھا۔ ۶۲ میں انہوں نے امریکہ سٹاف کالج کورس بھی کیا تھا۔ اتفاق سے انہی دنوں میں بھی ایک چھوٹے کورس کے لیے امریکہ گیا ہوا تھا چنانچہ ان کے ساتھ میری بھی رفاقت قائم رہی۔ (ریٹائرڈ) جنرل کے ایم عارف نے مزید بتایا کہ جب صدر ضیاء الحق شہید بریگیڈئیر تھے تو انہیں اردن میں تعینات کیا گیا تھا۔ وہ ۷۲ء میں وہاں سے واپس آئے تھے۔ انہیں اردن کی شاہی حکومت نے عسکری اعزاز سے بھی نوازا تھا مگر وہ بعد کے دور میں کبھی اس کے تذکرہ نہیں کیا کرتے تھے۔ خالد محمود عارف نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ صدر ضیاء الحق شروع ہی سے اپنے ماتحتوں کے ساتھ براہ راست رابطہ رکھنے کے عادی تھے۔ وہ ضرورت سے فائل ورک کے بھی حق میں نہیں تھے۔ یہی وجہ ہے کہ زبانی احکامات کو ترجیح دیا کرتے تھے۔ میٹنگ کے دوران ہر ایک کو اپنا نقطہ نظر کھول کر بیان کرنے کا موقع دیا کرتے۔ کانفرنس کے اختتام پر اپنے لیے ہوئے نوٹس کا بغور جائزہ لیا کرتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ اینٹلی جنس رپورٹوں پر ہی پورا اعتماد نہیں کرنا چاہیئے بلکہ اعلیٰ حکام سے خود رابطہ رکھنا بہتر ہے۔ وہ ہر درخواست گزار اور فریادی کے لیے بڑی فراخدلی کا مظاہرہ کیا کرتے تھے۔ وہ کسی بھی شخص پر خواہ مخواہ بداعتمادی نہیں کرتے تھے۔ ان کا قول تھا کہ ہر انسان کو سچا سمجھنا چاہیئے جب تک کہ وہ جھوٹا ثابت نہ ہو جائے۔ میں اکثر انہیں کہا کرتا کہ سچ کو پرکھ لینا چاہیئے مگر وہ اس بات کے حق میں نہیں تھا۔ ان کی اس فراخدلی سے کئی لوگوں نے ناجائز فائدہ بھی اٹھایا ایسے لوگ کبھی مگرمچھ کے آنسو اور کبھی جھوٹ کا لبادہ اوڑھ کر ان سے

انڈین پارلیمنٹ کی ممبر نجمہ کیساتھ

مفادات حاصل کرتے رہے۔ (ریٹائرڈ) جنرل خالد محمود عارف نے بیرون ملک دوروں کے دوران صدر ضیاء الحق کے ساتھ اپنی رفاقتوں کی یادیں تازہ کرتے ہوئے بتایا کہ مرحوم بین الاقوامی امور کے بہت ماہر تھے۔ قومی اور عالمی نوعیت کی تقاریر لکھنے کے لیے وہ خصوصیت کے ساتھ اپنے سٹاف کی میٹنگ طلب کرتے اور انہیں ہدایات دیتے تھے۔ کیوبا میں جب غیر وابستہ ملکوں کی سربراہی کانفرنس کا انعقاد ہوا تو انہوں نے خصوصی ہدایات دیں کہ اس کے لیے انتہائی پرسوز تقریر لکھی جائے۔ آخر کار فیصلہ ہوا کہ تقریر کا ابتدائیہ رسول پاکؐ کی پیدائش اور اختتامیہ خطبہ حجتہ الوداع پر مبنی ہونا چاہیئے۔ اسلامی کانفرنس کے سربراہ کی حیثیت سے انہوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جو خطاب کیا اس کی ابتدا قرآن پاک کی تلاوت سے کی گئی اسی طرح کاسابلانکا میں انکی تقریر بھی یاد گار رہے گی۔ صدر ضیاء الحق کی عالمی تقریروں کی شہرت اتنی ہوئی کہ کینیڈا کے وزیراعظم مسٹر ٹروڈو کو پارلیمنٹ میں کہنا پڑا کہ انگریزی ہماری مادری زبان ہے مگر اثر پاکستان صدر جنرل ضیاء الحق کی تقریروں میں ہے (ریٹائرڈ) جنرل خالد محمود عارف نے صدر ضیاء الحق کے ساتھ اپنے بعض غیر ملکی دوروں کے واقعات بتاتے ہوئے کہا کہ ۱۹۸۲ء میں جب ہم بھارت کے دورے پر گئے تو لنچ کے دوران آنجہانی مسز اندرا گاندھی نے صدر ضیاء الحق سے کہا آپ بہت کم کھانا کھا رہے ہیں۔ یہ گوشت کا سالن ہے آپ کے لیے ہے اور حلال ہے۔ اس پر صدر ضیاء الحق نے جواباً مسز اندرا گاندھی سے کہا "آپ بھی تو کم کھا رہی ہیں" مسز گاندھی نے جواب دیا "میں نے آج برت رکھا ہوا ہے" ان کے اس جملے پر سب لوگ محظوظ ہوئے۔ غیر ملکی دوروں میں صدر ضیاء الحق اپنے سفیروں کے ساتھ بہت اخلاق اور خلوص کے ساتھ پیش آتے۔ خاص طور پر صحافیوں کو خود بلا کر انہیں بریف کیا کرتے تھے۔ (ریٹائرڈ) جنرل کے ایم عارف نے صدر ضیاء الحق کی شخصی خوبیوں پر بات کرتے ہوئے بتایا کہ صدر مرحوم ذاتی اختلاف کے باعث کسی کو سزا دینے کے خلاف تھے۔ کئی لوگوں نے انہیں برسر عام گالیاں دیں، حکام نے انہیں پکڑ لیا مگر صدر مرحوم نے معاف کر دیا۔ اسی قسم کا ایک واقعہ سناتے ہوئے انہیں نے کہا کہ اپریل ۱۹۷۷ء میں جب صدر آرمی کے چیف آف اسٹاف تھے تو ملک کے ایک معروف شاعر کو فوج کے خلاف نظم لکھ کر ایک نجی محفل میں سنانے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ جنرل ضیاء الحق نے اپنی خواہش پر اس شاعر کو گھر بلا کر نظم لکھنے کی وجہ پوچھی اس نے جواب دیا کہ میں جذبات میں آ کر لکھ بیٹھا مگر اسے شائع کرانے یا کتاب میں چھاپنے کا میرا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ اس پر جنرل ضیاء الحق نے اس سے وہی نظم سنانے کی فرمائش کی۔ وہ نظم سنا چکا تو انہوں نے اسے معاف کر کے رہا کر دیا۔ (ریٹائرڈ) جنرل کے ایم عارف نے گفتگو جاری رکھتے ہوئے بتایا کہ مذہب کے بارے میں صدر ضیاء الحق شہید کا ذہن صاف اور مطالعہ وسیع تھا۔ وہ تنگ نظر نہیں بلکہ وسیع النظر انسان تھے وہ تا زندگی دین اسلامی کا حامی رہے۔ رسول اکرمؐ کے ساتھ ان کی خصوصی اور دلی عقیدت تھی۔ وہ اسلامی امہ کو ترقی کے لیے صنعتی انقلاب کی راہ پر چلانا چاہتے تھے جس میں انہیں بہت کم کامیابی حاصل ہوئی۔ (ریٹائرڈ) جنرل عارف نے صدر ضیاء الحق کے ساتھ اپنی وابستگی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ جب انہیں میرے شاعر ہونے کا علم ہو تو بہت خوش ہوئے اور کہا کبھی آپ سے کلام سنیں گے۔ میری شعری کتاب کی تقریب رونمائی ہوئی تو میں نے ازخود ان سے کہا میں نہیں چاہتا کہ میری ادبی حیثیت پر سرکاری حیثیت غالب آئے لہذا میں اپنی کتاب کی تقریب کی صدارت آپ سے کرانے کی بجائے کسی اور ادیب یا شاعر سے کرانا چاہتا ہوں۔ وہ میری اس بات پر بہت خوش ہوئے اور کہا اگر آپ مجھے بلاتے تو میں ضرور آتا۔ میری اور جنرل رحیم الدین کی ریٹائرمنٹ پر جب شہید صدر نے ہمیں الوداعی ڈنر دیا تو اس تقریب کے موقع پر میں نے اپنا کلام اور انہوں نے مختلف شعراء کے خوبصورت اور منتخب شعر سنائے۔



عظیم سُسر کی عظیم بہو بیگم شازہ اعجازالحق

شہید ضیاء مشائخ کی نظر میں

شہید عالم اسلام مجاہد افغانستان جنرل محمد ضیاء الحق نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر اسلامی سپہ سالاروں کی تاریخ کو پھر سے زندہ کر دیا۔

سرپرست اعلیٰ تنظیم سپاہ اسلام پاکستان صاحبزادہ سید ضیاء محمد شاہ ہمدانی آستانہ عالیہ بھنگالی شریف نے شہید ضیاء کی شخصیت کے بارے میں تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم غیر سیاسی لوگ ہیں سیاست سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے لیکن ہم ملکی صورتحال سے بے خبر نہیں رہ سکتے۔ ہمارے لاکھوں مریدین آستانہ عالیہ کی طرف سے ملکی صورتحال پر ہدایت کے منتظر رہتے ہیں۔ جہاں تک شہید ضیاء الحق کا تعلق ہے تو ان کی شخصیت سیاست کے ساتھ ساتھ مذہبی اہمیت کی حامل تھی اس سلسلہ میں میں ضیاء شخصیت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے تاثرات قلمبند کرانے پر فخر محسوس کرتا ہوں کیونکہ شہید ضیاء الحق نہ صرف پاکستان کے مذہبی رہنماؤں کی ہر دلعزیز شخصیت ہیں بلکہ عالم اسلام میں بھی آپ کو انتہائی عزت و محبت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ان کا اخلاق اور دین اسلام سے پر خلوص محبت اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ والیہ وسلم کے عشق و عقیدت بلاشک وشبہ شہید ضیاء الحق عاشق رسول تھے اس کا ثبوت یہ ہے جب کبھی انہیں کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو وہ نبی پاک کے روضہ پر جا کر سلام درود پیش کرتے تھے اس کی برکت سے آپ نے روس جیسی سپر پاور کو عبرتناک شکست سے دوچار کر کے بے مثال تاریخی رول ادا کیا۔

جنرل ضیاء شہید مشائخ عظام کی حد درجہ عزت کرتے تھے انہوں نے متعدد بار آستانہ عالیہ بھنگالی شریف کے سجادہ نشین سلطان العارفین حضرت پیر سید محمد عبداللہ شاہ صاحب رحمۃ اللہ کی خدمت عالیہ میں خطوط سے عقیدت و محبت کا

اظہار کیا جبکہ ضیاء الحق شہید کے بھائی جناب اظہار الحق صاحب آستانہ عالیہ کے مرید ہیں۔

تاثرات صاحبزادہ سید ضیاء محمد شاہ

ادارہ یوتھ انٹرنیشنل کی طرف سے تردید اور معذرت

ماہ مئی شمارہ نمبر ۵ میں شائع کیے گئے انٹرویو میں شیخ اللہ دتہ سیٹھی نے انتہائی جعلسازی دھوکہ دہی سے کام لے کر خود کو وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف کی طرف سے نامزد چیف ایڈمنسٹریٹر آئی جے آئی ظاہر کیا لاعلمی کی وجہ سے ادارہ نے شائع کر دیا۔

حقائق کے مطابق وزیر اعظم پاکستان نے اسے چیف ایڈمنسٹریٹر ہرگز نامزد نہیں کیا موصوف نے کاروباری لوگوں اور سرکاری افسران کو بلیک میل کرنے کے لیے خود ہی ڈرامہ رچایا ہے۔

لہذا ادارہ اس جعلسازی، بددیانتی سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کرتا ہے کہ اللہ دتہ سیٹھی کی دھوکہ دہی سے کوئی تعلق، واسطہ نہیں ہے۔ حقائق کے منافی باتیں چھپنے پر ہم اپنے قارئین سے معذرت چاہتے ہیں۔

ادارہ یوتھ انٹرنیشنل

لیفٹیننٹ کرنل صفدر محمود

ضیاء شہید کی برسی کے موقعہ پر صاحبزادہ میاں فیض رسول کے تاثرات

کراچی یونیورسٹی کے ممتاز سابق طالب علم رہنما جمعیت مشائخ پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل صاحبزادہ میاں فیض رسول نے ایک ملاقات میں شہید ضیاء الحق کی تیسری برسی کے موقعہ پر اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا شہید جنرل محمد ضیاء الحق شرافت اور مخلصی کی علامت تھے۔ حب الوطنی اور سچائی ان کی ذات کا طرہ امتیاز تھا۔ وہ نہ صرف عظیم مسلمان سپاہی تھے بلکہ منجھے ہوئے سیاستدان بھی تھے۔ ان کا پیغام انسانیت کے لئے امن و آشتی تھا اور جنرل

صاحب وہ عہد ساز شخصیت تھی جس نے مسلمانان عالم کو اسلامی اصولوں اور معاشرت اپنانے کی اس پر آشوب دور میں دعوت دی۔ اسلام کی دشمن طاقتیں ان کی شخصیت کی وجہ سے اپنے بہت سے شیطانی منصوبوں کی تکمیل نہ کر سکیں۔ خصوصاً روس کو افغانستان میں ذلت آمیز شکست اور ہزیمت سے دوچار ہونا پڑا۔ جنرل صاحب نے اپنی تمام تر صلاحتیں پاکستان کے استحکام کے لئے صرف کیں۔ خدا ہمیشہ ان کی لحد پر رحمتیں نازل کرتا رہے۔

اللہ دتہ سیٹھی کے خلاف انکوائری

وزیر اعظم سیکرٹریٹ اسلام آباد کے اہم ذرائع نے راولپنڈی کے سابق کونسلر شیخ اللہ دتہ سیٹھی کی سرگرمیوں کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے انکوائری کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ واقعات کے مطابق اللہ دتہ سیٹھی کا دعویٰ ہے کہ مجھے وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف نے آئی جے آئی کا چیف ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا ہے۔ موصوف نے اپنی کار پر آئی جے آئی کا جھنڈا اور چیف ایڈمنسٹریٹر کی پلیٹ لگوائی ہے۔ سابق کونسلر جو زمینوں، جائیداد کی خرید و فروخت کا کاروبار کرتا ہے۔ آئی جے آئی کے بعض رہنماؤں نے سیٹھی کے خلاف اسلامی جمہوری اتحاد کا نام استعمال کر کے سنگین بددیانتی اور فراڈ کرنے اور سرکاری افسران پر دباؤ ڈال کر ناجائز کام کروانے کے الزامات لگائے ہیں جس سے آئی جے آئی کی حکومت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ وزیر اعظم سیکرٹریٹ نے اس بات کی تردید کی ہے کہ وزیر اعظم پاکستان نے کسی سابق کونسلر کو آئی جے آئی کا چیف ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا ہے۔ معلوم ہوا ہے وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف نے فراڈ بددیانتی اور جعلسازی کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے اللہ دتہ سیٹھی کے خلاف انکوائری کروانے کا حکم دیا ہے۔

جب اس سلسلہ میں آئی جے آئی سنٹرل سیکرٹریٹ سے رابطہ قائم کیا گیا انہوں نے بھی اللہ دتہ سیٹھی پر سنگین الزامات لگاتے ہوئے بتایا کہ ان کا آئی جے آئی اور سیکرٹریٹ سے کوئی تعلق نہیں۔

یہ شخص وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف اور آئی جے آئی کا نام استعمال کر کے کروڑوں کے ناجائز کام کروا رہا ہے۔ لہذا عوام کو اس شخص کی سرگرمیوں سے ہوشیار باش رہنے کی درخواست کرتے ہیں۔

جنرل ضیاء الحق شہید، جنرل (ریٹائرڈ) جہانداد خان کی نظر میں



شہید جنرل ضیاء کیساتھ میری رفاقت کئی برسوں پر محیط ہے۔ میں اٹک سازش کیس کی خصوصی ملٹری کورٹ کا ممبر تھا اور ضیاء الحق اس عدالت کے چیف تھے میں شروع ہی سے ضیاء شہید کی بے پناہ صلاحیتوں اور عظمت کا قائل ہو گیا تھا وہ ایک صاف گو انتھک محنت کرنے والے عظیم انسان تھے پاکستان اور اسلام کیساتھ محبت ان کی روح میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی وہ پاکستان اور عالم اسلام کے ہر دلعزیز لیڈر تھے۔ میرے ساتھ شہید جنرل ضیاء کا رویہ انتہائی دوستانہ رہا جب مجھے سندھ کا گورنر مقرر کیا انہوں نے میرے معاملات میں کبھی مداخلت نہیں کی۔ ایم۔ آر۔ ڈی کی تحریک اور سندھ کے نازک حالات میں میرے اقدامات اور میرے مشوروں کو ہمیشہ اولیت دی۔ وہ میرے ساتھ ہمیشہ شفقت اور حلیمی سے پیش آتے تھے۔

جنرل جہانداد نے صدر ضیاء الحق شہید کی تیسری برسی کے موقعہ پر ان کی بے شمار خوبیوں پر بات کرتے ہوئے نمائندہ یوتھ انٹرنیشنل کو بتایا کہ شہید ضیاء عاجزی انکساری کا مجسمہ تھے۔ مذہب سے بے حد لگاؤ تھا اسلامی نظام کے پرجوش حامی تھے اس کے لئے انہوں نے متعدد قابل تعریف اقدامات کئے تھے۔ شہید جنرل ضیاء میرے انتہائی قریبی دوست اور محسن بھی تھے۔ اہم قومی مسائل پر مجھ سے مشورہ بھی لیتے ہیں باوجود کہ وہ شہید ہم سے سینئر جنرل تھے ان کی قربت میں رہ کر ہم نے دیکھا کہ وہ انتہائی شریف النفس انسان تھے۔ وہ بہاولپور کی فوجی مشقوں کے معائنے کیلئے گئے تھے واپسی پر ان کا طیارہ فضاء میں بلند ہی ہوا طیارے کے حادثے میں پاکستانی عوام کے عظیم بہادر جنرل صدر مملکت محمد ضیاء الحق اپنے سمیت دیگر ۳۵ اعلیٰ اور سول حکام کیساتھ جاں بحق ہوئے تھے۔ امریکی سفیر آرنلڈ رافیل بھی صدر کیساتھ تھے وہ بھی جاں بحق ہوئے تھے۔

میرے نزدیک پاکستان کی تاریخ میں اتنا بڑا حادثہ ہے جسکی وجہ سے ملک و قوم اور مسلح افواج کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔ تین سال گزرنے کے باوجود ابھی تک اس سانحے کے بارے میں اصل حقائق عوام تک نہیں پہنچ سکے اور نہ ہی اصل مجرموں کی نشاندہی ہو سکی۔ شہید جنرل ضیاء کی وفات سے نہ صرف پاکستان بلکہ عالم اسلام کو ناقابل تلافی نقصان ہے ان کی شہادت سے پاکستان ایک عظیم مجاہد اسلام سے محروم ہو گیا ہے۔

آئی جے آئی کی موجودہ حکومت کے وزیراعظم میاں نواز شریف اور صدر غلام اسحاق خاں اور مسلح افواج کے چیف کی ذمہ داری ہے کہ وہ سانحہ بہاولپور کی آزادانہ غیر جانبدارانہ حقائق پر مبنی تحقیقات کروا کر قوم کو اصل حقائق سے آگاہ کریں۔

جنرل جہانداد خان (ریٹائرڈ) [illegible]

شہید جنرل ضیاء الحق، صاحبزادہ محمد نعیم الرحمٰن نعیمی کی نظر میں



اسلام آباد کے معروف مذہبی و سیاسی راہنما علماء اتحاد کونسل کے سابق چیئرمین، جمعیت مشائخ پاکستان کے سابق مرکزی چیف آرگنائزر اور جمعیت مشائخ کے صدر اور آئی جے آئی کے سیکرٹری اطلاعات صاحبزادہ محمد نعیم الرحمٰن نعیمی نے ایک ملاقات میں فخر عالم اسلام شہید افغانستان جنرل محمد ضیاء الحق کی تیسری برسی کے موقعہ پر یوتھ انٹرنیشنل کیساتھ اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے شہید جنرل کی اسلام اور پاکستان کیلئے تاریخی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے۔ میں جنرل ضیاء الحق شہید کا مداح ہوں ان کی وطن دوستی اور نظام مصطفےٰ کے عملی نفاذ کیلئے قابل تحسین کوششوں کو سلام کرتا ہوں میرے نزدیک جنرل ضیاء الحق ایک عظیم مجاہد، جرأت مند جرنیل، بین الاقوامی سطح کے سیاستدان تھے ان کے سیاسی تدبر، بردباری اور بلند حوصلے نے اقوام عالم میں

پاکستان کے وقار کو بلند کیا۔ شہید ضیاء میرے پسندیدہ قائد تھے۔ میرے نزدیک جنرل ضیاء کو خراج تحسین پیش کرنے کا یہ طریقہ ہے۔ ہماری آئی جے آئی کی حکومت کے ہر دلعزیز وزیراعظم میاں نواز شریف فی الفور ملک میں جنرل ضیاء الحق شہید کی پالیسیوں کے عملی نفاذ کا اعلان کریں اور ملک میں نظام شریعت کی بالادستی کو قائم و دائم رکھنے کیلئے علماء اور مشائخ کا بھرپور تعاون حاصل کریں۔

ہم علماء اور مشائخ عظام کی طرف سے شہید کے فرزند محمد اعجاز الحق کیساتھ بھرپور تعاون کرنے کا عہد کرتے ہیں۔ مجھے یقین ہے انشاء اللہ وہ وقت بہت جلد آنے والا ہے جب ہم اعجاز الحق کی قیادت میں سری نگر اور کابل کی جامع مسجد میں نماز شکرانہ ادا کریں گے۔

[redacted]

ہم موجودہ منتخب حکومت کی پرائیویٹائزیشن کی مکمل حمایت کرتے ہوئے

وزیراعظم پاکستان جناب میاں نواز شریف اور

محنت و افرادی قوّت اوورسیز پاکستانی کے وفاقی وزیر

جناب محمد اعجاز الحق سے پُرزور مُطالبہ کرتے ہیں

کہ مین پاور ایکسپورٹ پالیسی کو اوپن کیا جائے

نیز نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

منجانب

محمد صدّیق خان چیئرمین پاکستان ورکرز ریکروٹمنٹ پرامپلائمنٹ ایسوسی ایشن

آفس: ۱۰۰۴-بی فورتھ روڈ نزد نیو ٹاؤن پولیس اسٹیشن سٹیلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

آفس فون، ۸۴۰۵۷۳-۲-۸۴۲۱۳۷۱ فیکس: ۸۴۴۵۰۱-۹۲۵۱ ٹیلیکس صدیق پارک ۵۴۳۷۰۔ رہائش فون: ۸۴۳۹۵۲

مین پاور ایکسپورٹ کا بزنس نجی سیکٹر کے حوالے کیا جائے

ہم لاکھوں افراد کو بیرون ملک ملازمت دلوانے کی ضمانت

دیتے ہیں

پاکستان اوورسیز پروموٹرز ایسوسی ایشن کے سنٹرل چیئرمین

محمد صدیق خان

کیساتھ پرموٹرز کے سلگتے ہوئے مسائل پر گفتگو

محمد صدیق خان کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں آپ ایک باہمت، پرعزم، بے لوث خدمتگار انسان اور جرت مند محب وطن پاکستانی ہیں انتہائی معاملا فہم اور تجربہ کار شخصیت ہونے کی بدولت مشکل سے مشکل مسائل کو حل کرنے کی بے پناہ قائدانہ صلاحتیں رکھتے ہیں یہی وجہ ہے معاشرے کے ہر طبقے میں آپ کو انتہائی عزت واحترام، عقیدت ومحبت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے آپ کی مہمان نوازی خوش خلقی اور حسن گفتگو سے ہر ملاقاتی گرویدہ ہو جاتا ہے صوبہ سرحد میں مانسہرہ کے باعزت زمیندار خاندان سے تعلق ہے۔ بی کام کرنے کے بعد ٹریول کے کاروبار میں آئے مین پاور ایکسپورٹ میں اپنی ایمانداری دیانتداری اور ذمہ داری کے ذریعے اعلیٰ نام پیدا کیا گذشتہ چودہ سالوں سے کم از کم پچاس ہزار سے زائد پاکستانیوں کو بیرون ملک ملازمت دلوا چکے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک کے کاروباری ونجی دورے کر چکے ہیں۔

آپ آج کل پاکستان اور سیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن (POEPA) کے سنٹرل چیئرمین اور الصدیق کارپوریشن کے پروپرائٹر ہیں پروموٹرز کے مسائل پر خصوصی انٹرویو قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

سوال۔ صدیق خان صاحب۔ آپ اپنی ایسوسی ایشن کے بارے میں بتائیں اس کے اغراض و مقاصد کیا ہیں۔

جواب۔ پاکستان اور سیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن (POEPA) ۱۹۷۹ء سے قائم ہے اس کا اہم ترین مقصد مین پاور (افرادی قوت) ایکسپورٹ کرنے کیلئے نئی نئی راہیں ڈھونڈنا ہے بیرون ملک روزگار کے مواقع تلاش کر کے وہاں روزگار دلانا ہے اس مقصد میں درپیش روکاوٹوں کو دور کرنا اور غیر قانونی کام کرنے والے ممبر کے خلاف فوری ایکشن لینا ممبرشپ ختم کرنے کے علاوہ حکومت سے لائنس ختم کرنے کی سفارش کرنا ہے۔

اس ایسوسی ایشن کے ممبران کی تعداد ایک ہزار سے زائد ہے۔ پاکستان سطح پر سنٹرل باڈی زونل سطح پر پانچ باڈیاں (کراچی، لاہور، راولپنڈی، پشاور اور کوئٹہ) ہیں ایسوسی ایشن کے انتخابات ہر سال باقاعدگی سے ہوتے ہیں سنٹرل چیئرمین شپ بالترتیب تین زون کو باری باری ملتی ہے مثلاً ایک سال کراچی، دوسرے سال لاہور، تیسرے سال راولپنڈی، زونل سطح پر ایک زونل چیئرمین دو وائس چیئرمین منتخب ہوتے ہیں یہی تین عہدیدار سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبران ہوتے ہیں ان میں صرف پشاور اور کوئٹہ سے ایک ایک ممبر ہوتے ہیں۔

سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے مندرجہ ذیل عہدے دار ہیں۔ چیئرمین سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی محمد صدیق خان آف راولپنڈی وائس چیئرمین نمبر ۱ چوہدری الٰہی بخش آف کراچی، وائس چیئرمین نمبر ۲ سید نسیم تقی آف لاہور ممبران صمد خان اور کزئی (راولپنڈی) محمد زمان کیانی (راولپنڈی) جمشید خان (کراچی) محمد شفیق (کراچی) عبدالوحید قریشی (لاہور) عابد لطیف سندھو (لاہور) قاضی مقیم (پشاور) نواب اسلم رئیسانی (کوئٹہ) ہیں۔

جبکہ راولپنڈی زون کے زونل چیئرمین صمد خان اور کزئی وائس چیئرمین محمد زمان کیانی اور راجہ امیر زمان ہیں۔

زونل کمیٹی میں ظہور احمد، محمد رزاق، خادم حسین، مشتاق راجہ، محمد گل قاضی، محمد اکرم چودھری اور ملک محمد اعظم ہیں۔

سوال۔ خان صاحب آپ کی ایسوسی ایشن کو کیا مسائل درپیش ہیں۔

کویت میں لیبر اتاشی بھیجا جائے

جواب۔ اسلامی جمہوری اتحاد کی حکومت نے وزیر اعظم میاں نواز شریف کی قیادت میں بڑے جرت مندانہ تاریخی فیصلے کیے ہیں جن میں ایک پرائیوٹائزیشن کی بے مثال پالیسی کا آغاز کیا ان انقلابی اقدامات کی بدولت ملک میں سرمایہ کاری کا رجحان پیدا ہوا ہمیں میاں نواز شریف کی حکومت پر توقع تھی کہ میاں صاحب پاکستان کے پہلے سلف میڈ وزیر اعظم ہیں بزنس مین ہونے کے ناطے پرائیویٹ سیکٹر کی مجبوریوں اور پریشانیوں کو سمجھتے ہیں کہ وہ مین پاور ایکسپورٹ کے لیے انقلابی اقدامات کریں گے پرائیویٹ سیکٹر کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں گے۔

نجی سیکٹر کی راہ میں حائل دشواریوں اور بیوروکریسی کی روکاوٹوں کو دور کر کے ٹھوس

پروموٹروں کو بیوروکریسی کے ظلم وستم سے نجات دلائی جائے

اگر حکومت نے ہمارے مطالبات تسلیم نہ کئے تو احتجاجاً ہڑتال کر دیں گے

پالیسی واضح کریں گے شہید پاکستان جنرل ضیاء الحق کے فرزند محمد اعجاز الحق جو ایک باصلاحیت جرت مند قابل تعریف نوجوان سیاستدان ہیں اور ہماری وزارت کے وفاقی وزیر ہیں پاکستان بھر کے پرموٹرز اس سر انگیز شخصیت سے بہت ساری توقعات رکھے ہوئے ہیں جناب اعجاز الحق صاحب عوامی شخصیت ہونے کے ناطے اپنی وزارت میں بہت ساری ٹھوس انقلابی تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں ان کی راہ میں سب سے بڑی روکاوٹ بیوروکریسی ہے اعجاز الحق صاحب کی سادگی اور شرافت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بیوروکریسی جگہ جگہ روکاوٹیں کھڑی کر رہی ہے غلط فہمیوں کا جال بچھا رہی ہے۔ جس سے اعجاز الحق صاحب کی قابل فخر شخصیت کے بارے شک و شبہات پیدا ہو رہے ہیں ہم فرزند پاکستان محمد اعجاز الحق کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتے ہیں ہمارے خواہش ہے کہ مین پاور کی ایکسپورٹ میں حائل روکاوٹوں کو دور کرنے کا سہرا اعجاز الحق صاحب کے سر پر آئے افسوس اس بات پر ہے اپنی مصروفیات کی بدولت وفاقی وزیر صاحب ابھی تک ہمارے مسائل کی طرف نہ توجہ دے سکیں ہیں اور نہ ہی کوئی ٹھوس منصوبہ بندی کر سکے

سوال۔ آپ کے اصل مطالبات کیا ہیں

جواب۔ جناب میں اصل مطالبات ہی کا ذکر کر رہا تھا۔ آپ کے بین الاقوامی میگزین کی وساطت سے ہمارے وزیر اعظم پاکستان میاں نواز شریف اور وفاقی وزیر محنت افرادی قوت اور سیز جناب محمد اعجاز الحق سے مطالبات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) سرکاری ادارے او۔ ای۔ سی جو مسلسل نقصان میں جا رہا ہے فی الفور ختم کر کے سارا کام نجی شعبے کے حوالے کیا جائے۔

(۲) مین پاور ایکسپورٹ پر بیوروکریسی کا عمل دخل ختم کر کے مکمل طور پر آزاد کیا جائے

(۳) حکومت بیرون ملک روزگار مہیا کرنے کا کاروبار مکمل طور پر پاکستان ایمپلائمنٹ پرموٹرز ایسوسی ایشن کے حوالے کر دے تو ہم چھ ماہ کے اندر اندر پانچ لاکھ افراد کو بیرون ممالک روزگار فراہم کرنے کی ضمانت دینے کو تیار ہیں

(۴) امیگریشن کے کالے قوانین کو ختم کر کے ان کو آسان بنایا جائے پرموٹروں کو بلاجواز ہراساں اور پریشان کرنے کی روش کو ختم کیا جائے۔

(۵) حکومت پاکستان پرموٹروں کو کویت بھیجوانے کیلئے بزنس ویزا دلوانے کیلئے فی الفور اقدامات کرے تاکہ کویت کی مارکیٹ میں پاکستانی مین پاور کو کھپانے کے لیے گرانقدر خدمات سرانجام دے سکیں۔

(۶) کویت میں پاکستانی لیبر اتاشی کو فی الفور بھیجا جائے جس کی عدم موجودگی سے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔

(۷) لیبیا میں مین پاور بھیجوانے کی یکطرفہ پابندی کو ختم کیا جائے لیبیا میں پرائیوٹ سیکٹر لاکھوں افراد کو ملازمتیں مہیا کر سکتا ہے۔ لہذا ہم واشگاف الفاظ میں حکومت کو بتانا چاہتے ہیں ملک و قوم کے عظیم تر مفادات میں فوری طور پر ہمارے مطالبات کی طرف توجہ دے ورنہ ہم ملک گیر ہڑتال کرنے پر مجبور ہوں جائیں گے۔

سوال۔ موجودہ حکومت نے کویت میں پاکستانی افرادی قوت بھیجوانے کے لیے کیا اقدامات کیے ہیں۔

جواب۔ خلیج کے بحران میں ۸۰ ہزار پاکستانی متاثرین واپس آئے تھے جن میں سے صرف دس ہزار کے قریب پاکستانی صرف اپنے وسائل ذرائع سے واپس جانے میں کامیاب ہوئے ہیں بقایا ۷۰ ہزار پاکستانی بے یارو مددگار کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں جبکہ انڈیا نے ایک لاکھ ساٹھ ہزار افراد کو کویت بھیجا ہے۔ انڈیا کے ایک لاکھ بیس ہزار افراد واپس آئے تھے ان کے علاوہ مزید چالیس ہزار کو روزگار دلوایا گیا ہے۔ اسی طرح سری لنکا نے ۴۷ ہزار افراد کویت بھیجے ہیں واپس آئے ہوئے افراد کے علاوہ ۳۴ ہزار مزید کویت بھیجے ہیں۔ بنگلہ دیش نے بھی ۸۰ ہزار افراد روزگار کے لیے کویت بھیجنے کے آرڈر لیے ہیں آپ حیران ہوں گے ان ملکوں کے وزرائے محنت اپنے اپنے ملکوں کے لیے مین پاور ایکسپورٹ کے آرڈر لینے کے لیے کویت میں ڈیرے لگائے ہوئے ہیں۔ ان ملکوں کے پروموٹرز بھی دھاندناتے پھر رہے ہیں جبکہ ہمارے پروموٹروں کو کویت جانے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہمارے لیے نہ وزارت افرادی قوت نے کوشش کی ہے اور نہ وزارت خارجہ نے -------------------- بہرحال

پاکستان کی سُستی اور لاپرواہی سے دوسرے ممالک بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں حکومت کا اگر یہی رویہ رہا ہے خدشہ ہے حکومت متاثرین کو بھی کویت واپس نہ بھیجوا سکے گی جبکہ قومی مفادات کا تقاضہ ہے قاسم عمر الیاقوت کہ حکومت پاکستان فوری طور کویت کے سلسلہ میں اپنی موجودہ پالیسی پر نظر ثانی کر کے فوری طور پر سرکاری اور نجی سطح پر وفود کو بھیجوائے پاکستان اور سیز پروموٹرز ایمپلائمنٹ ایسوسی ایشن بزنس ویزے پر کویت جانے کی اجازت دلوائے تاکہ زیادہ سے زیادہ مین پاور ایکسپورٹ کی ڈیمانڈ حاصل کی جا سکے اس کے لیے ضروری ہوگا کویت میں انتہائی باصلاحیت، محنتی دیانتدار شخص کو لیبر اتاشی بھیجا جائے جو گرانقدر خدمات کے ذریعے پاکستانی مفادات کا تحفظ کرے۔ اس سلسلہ میں برادر عظیم دوست ملک کویت کے سفیر جناب قاسم الیاقوت کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ کویت کی تعمیر نو میں پاکستانی لیبر کو ترجیحی بنیادوں میں بھیجوانے کیلئے اپنی سفارتی صلاحیتوں کو بیروئے کار لا کر ہمیں بزنس وزٹ ویزے جاری کر کے پاک کویت فرینڈز شپ کے فروغ میں مثالی رول ادا کریں کویت کی ترقی و خوشحالی میں ہمارا تعاون ہمیشہ جاری رہے گا۔

[redacted]

OVERSEAS EMPLOYMENT CORPORATION (PVT) LTD.

A COMMERCIAL ENTERPRISES OF THE GOVERNMENT OF PAKISTAN UNDER THE MINISTRY OF LABOUR, MANPOWER AND OVERSEAS PAKISTANIS, ISLAMABAD,

SUPPLIED OVER 80,000 PERSONS OF VARIOUS SKILLS AND DESCIPLINE TO OUR WORTHY CLIENTS IN GULF, MIDDLE EAST AND AFRICAN COUNTRIES.

OUR FEATURES

* OUR SELECTION ENSURES RIGHT MAN FOR THE RIGHT JOB ON NEAT AND CLEAN BASIS.
* ALL SELECTIONS ARE MADE THROUGH A WELL PUBLISHED PROGRAMME.
* WE SELECT DISCIPLINED, THOUGH, ENERGETIC WORKERS WHO RESPOND TO SOCIAL CUSTOMS AND LAWS OF HOST COUNTRIES.
* WE GIVE 3 MONTHS GOOD PERFORMANCE GUARANTEE
* QUICK DESPATCH SERVICE.

OUR OFFICES

A. **RAWALPINDI :**
21 MAYO ROAD, CIVIL LINES,
RAWALPINDI.
TELE : 564836
TELEX : 5832 OEC PK.
FAX : 0092-51-562283

B. **KARACHI :**
RED CRESCENT BUILDING,
DR. DAUD POTA ROAD,
KARACHI.
TELE : 521525
TELEX : 25475 OEC PK.
FAX : 0092-21-521525

C. **LAHORE :**
8-D/II, MODEL TOWN,
LAHORE
TELE : 856145
TELEX : 44401 OEC PK.
FAX : 0092-21-521525.

ضیاء الحق شہید فاؤنڈیشن

اغراض و مقاصد

کہا جاتا ہے کہ قوموں کو عظیم رہنما انعام کے طور پر عطا کئے جاتے اور امتحان کے طور پر واپس لے لئے جاتے ہیں۔ ضیاء الحق صاحب عظیم تھے کہ انہوں نے ایک پاکیزہ زندگی گزاری، علم سے محبت کی، کمزوروں کو سینے سے لگایا، وطن کو مستحکم کیا، مشکل حالات میں آزادی کی تحریکوں کے پشت پناہ بنے اور اسلام کی عظمت رفتہ کو زندہ کرنے کی آرزو کی۔ ضیاء الحق شہید کو خراج تحسین پیش کرنے کا بہترین طریقہ شاید یہی ہے کہ جہاں ہم اپنی ذاتی زندگیوں میں کردار کی پاکیزگی، علم کی جستجو اور سلیقہ مندی کا اہتمام کریں، وہاں ایک منظم جدوجہد کے ذریعے

(الف) خدمت خلق کا اہتمام کریں۔

(ب) علمی تحقیق کے ذریعے معاشرے کو بیدار رکھیں۔

راولپنڈی کے صدر دفتر اور سینکڑوں ذیلی دفاتر کے ساتھ ضیاء الحق شہید فاؤنڈیشن انہی مقاصد کے لئے قائم کی گئی تھی۔۔۔۔۔ خیر

یقینی حالات میں جب قوم کو اغیار کی مسلط کردہ قیادت سے نمٹنے کا چیلنج درپیش تھا، فاؤنڈیشن کے مقاصد اور منصوبوں پر کماحقہ توجہ نہ دی جا سکی۔ اب جبکہ حالات نسبتاً بہترین تو ہمارے سامنے درج ذیل منصوبے ہیں۔

خدمت خلق

(۱) نادار طالب علموں کے لئے وظائف، بلا معاوضہ ٹیوشن سنٹر اور بک بنک کی تشکیل (۲) لاچار مریضوں کے لئے مفت طبی امداد، بلڈ بنک اور انسداد منشیات کے ادارے (۳) ایسے لوگوں کے لئے مفت قانونی امداد جو یہ بار خود نہیں اٹھا سکتے (۴) روزگار سیل (۵) خواتین کے لئے جہیز فنڈ، دستکاری سکول اور فلاح و بہبود کے دوسرے اقدامات۔

ضیاء الحق شہید سے محبت کرنے والوں کو شاید یاد دلانے کی ضرورت نہیں کہ اگر ہم میں سے ہر صاحب توفیق اپنے وسائل کا ایک معمولی حصہ بھی بے بسوں کی مدد کے لئے وقف کر سکے اور ان وسائل کو سلیقے سے صرف کیا جائے تو ہم ایک ایسے پاکستان کی طرف پیش قدمی کریں گے جو غربت، جہالت اور بے بسی سے نجات پا کر ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کا اہل ہو گا۔۔۔۔۔ مشاہدہ یہ ہے کہ کوئی قوم اپنے تہی دست اور ناراض لوگوں کا بوجھ اٹھا کر حالات کا سامنا نہیں کر سکتی۔

ہمارے علمی منصوبے

صدر ضیاء الحق شہید علم اور اہل علم پر فدا تھے۔ عمر بھر مطالعہ کرتے رہے، ہمیشہ سیکھتے



نرل محمد ضیاالحق شہید کے مزار کا منظر

رہنا ان کا مزاج تھا۔ انہوں نے دنیا کو اپنی آنکھ سے دیکھا اور زندگی کو مسلسل فکر و تدبر سے سمجھا۔ اسی سے ان کی شخصیت میں بے پناہ نفاست و شائستگی پیدا ہوئی اور اسی بنا پر ان کے اندر اس صاحب تدبر نے جنم لیا جو نعرے لگائے اور دعوے کئے بغیر اپنی قوم کے لئے عظیم خدمات انجام دے سکا۔ اہل فکر کے علم سے روشنی حاصل کرنے اور امت مسلمہ کو درپیش مسائل کا گہرائی سے جائزہ لینے کے سلسلے میں ہمارے سامنے درج ذیل عنوانات ہیں۔

(۱) افغانستان اور کشمیر سمیت عالم اسلام میں آزادی کی تحریکیں (۲) پسماندہ اور محروم عوام کے مسائل (۳) اسلامائزیشن (۴) وطن عزیز کے لئے مستقبل کی معاشی منصوبہ بندی (۵) رشوت و بدعنوانی کے اسباب (۶) امن و امان کی خرابی کے عوامل (۷) اسلامی تہذیب و ثقافت کی نشو و نما (۸) اقلیتوں کا تحفظ اور فلاح و بہبود۔

مذکورہ موضوعات پر سیمیناروں کا اہتمام کیا جائے گا اور علمی تحریریں شائع کی جائیں گی۔

امید ہے کہ ایک پاکیزہ اور عظیم تر پاکستان کے لئے آپ سے ہمارا ربط استوار رہے گا۔

ہم آپ کے رکنیت فارم اور عطیہ فارم کے منتظر ہیں۔

آئیے ایثار و کامرانی کی راہ پر آج ہی پہلا قدم رکھیں۔ آج ہی ضیاء الحق شہید فاؤنڈیشن کے ممبر بنیئے۔

ضیاء الحق شہید فاؤنڈیشن پوسٹ بکس

۱۶۷ جی پی او۔

۱۴۶۔ بی مری روڈ راولپنڈی فون

(۰۵۱)۵۸۵۲۶۶

بیرونِ ممالک زیارات مقدسہ۔ عمرہ۔ سیر و سیاحت اور
بزنس کیلئے

با اعتماد ادارہ

ہورائزن ٹریول

HORIZON TRAVEL
AYUB MARKET ISLAMABAD PH : 854800, 857500

فوری ٹکٹ کے حصول اور باوقار سفر کیلئے
ہماری خدمات حاصل کریں

ہورائزن ٹریول ایوب مارکیٹ اسلام آباد

مختلف شخصیات سے ملاقاتوں کی تصویری جھلکیاں

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کیساتھ

اسلامی کانفرنس کے سیکرٹری جنرل شریف الدین پیرزادہ کیساتھ

برطانیہ کی وزیراعظم مسز تھیچر کیساتھ

انڈر سیکرٹری آف سٹیٹ امریکہ کیساتھ

روس کے سفیر وی۔ ایس سمنون کیساتھ

[illegible]

سردار عبدالقیوم کیساتھ

شہداء بہاولپور

لیفٹیننٹ جنرل میاں افضال



میجر جنرل ایم ایچ اعوان

میجر جنرل شریف ناصر

میجر جنرل عبدالسمیع

بریگیڈیئر نجیب احمد



بریگیڈیئر عبدالماجد

بریگیڈیئر صدیق سالک

ضیاالحق شہید نفاذِ اسلام کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے

یو اے ای کے شیخ محمد بن رشید المکتوم کیساتھ



شہید صدر اقوام متحدہ میں خطاب کرتے ہوئے

ایران کے وزیر خارجہ علی اکبر ولایتی کیساتھ



اقوام متحد کے مندوبین ضیاء شہید کا خطاب سُن رہے ہیں۔

پیر فضل حق کو کروڑوں روپے کے فراڈ، ناپسندیدہ سرگرمیوں کے الزامات میں جمعیت مشائخ اور آئی جے آئی سے برطرف کردیا

بریگیڈئر عبداللطیف

بریگیڈئر خواجہ معین الدین احمد

اسلام آباد۔ پیر فضل حق رضوی جو آئی جے آئی کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات اور جمعیت مشائخ پاکستان کے قائد اور میاں نواز شریف کے انتہائی قریبی وفادار ساتھی سمجھے جاتے تھے۔ جمعیت مشائخ پاکستان کے کارکنوں عہدیداروں کی اکثریت نے مرکزی چیف آرگنائزر صاحبزادہ محمد نعیم الرحمٰن نعیمی اور مرکزی سیکرٹری جنرل میاں فیض رسول کی قیادت میں بغاوت کر کے پیر فضل حق پر کروڑوں روپے کے فراڈ اور ناپسندیدہ سرگرمیوں کا الزام لگا کر جمعیت مشائخ اور آئی جے آئی سے برطرف کردیا اور آئی جے آئی کے سنٹرل سیکرٹریٹ پر کنٹرول حاصل کرلیا۔ اسلام آباد کے ایک اعلیٰ ترین ہوٹل میں عجلت سے بلائی ہوئی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صاحبزادہ محمد نعیم الرحمٰن نعیمی نے پیر فضل حق پر سنگین الزامات لگا کے ان کی سرگرمیوں کو ملک و قوم کے منافی قرار دیا اور پیر فضل حق کے صدر غلام اسحاق خاں اور انٹیلی جنس بیورو کے ڈائریکٹر بریگیڈیر امتیاز کے خلاف لگائے گئے الزامات کی شدید مذمت کی اور کہا پیر فضل حق کی سرگرمیاں موجودہ حکومت کے خلاف تھیں وہ پیپلز پارٹی کے ایجنٹ تھے۔ حاکم علی زرداری کے ایک قریبی ملازم کے ذریعے کروڑوں روپے وصول کر کے موجودہ حکومت کی مخبری کرتے تھے خاد اور را کیساتھ اس کے خصوصی تعلقات تھے۔

جب صاحبزادہ نعیم الرحمٰن سے سوال کیا گیا کہ یہ سارا ڈرامہ صدر غلام اسحاق خاں اور بریگیڈیر امتیاز کی ایما پر کیا گیا ہے۔ موصوف کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکے بلکہ جوش جذبات میں کہہ گئے بعض اہم شخصیات کو اعتماد میں لے کر ہم نے یہ کھیل کھیلا ہے۔ جب اُن سے پوچھا یا کہ پیر فضل حق پر لگائے گئے الزامات کے ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا ہمارے پاس پیر فضل حق کے خلاف فائلیں بھری پڑی ہیں۔ صحافیوں کو دعوت ہے کہ وہ کسی وقت سنٹرل سیکرٹریٹ میں آکر الزامات کے ثبوت دیکھ سکتے ہیں۔

پریس کانفرنس میں سندھ سے ملک اصغر علی اعوان، سرحد سے صاحبزادہ سید امیر علی کاظمی، محمد اسحاق بھٹی، چوہدری سلیم آسی سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ پیر فضل حق نے اپنے اوپر الزامات کا جواب دینے کی بجائے صاحبزادہ نعیمی اور میاں فیض رسول پر سنگین الزامات لگاتے ہوئے کہا یہ میرے خلاف خطرناک سازش ہوئی ہے جن لوگوں کو میں نے تین ماہ کی عبوری مدت کیلئے عہدے دیئے تھے انہوں نے غیر قانونی طریقے سے جمعیت مشائخ کے آئین کی سنگین خلاف ورزی کرتے ہوئے مجھے جمعیت مشائخ سے نکالا ہے جبکہ میں اب بھی جمعیت مشائخ کا قائد ہوں اور آئی جے آئی کا ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ہوں۔ وزیراعظم پاکستان کا انتہائی وفادار آدمی ہوں۔ نواز شریف کے علاوہ کوئی طاقت مجھے آئی جے آئی سے نہیں نکال سکتی۔

میرے خلاف خطرناک سازش ہوئی ہے۔ پیر فضل حق



جام صادق علی ناقابلِ تسخیر قلعہ کا فاتح

خصوصی تجزیہ محمد صدیق القادری ایڈیٹر انچیف

سندھ کے اصل حالات و واقعات جاننے۔ جام حکومت کے بارے میں عوامی تاثرات معلوم کرنے۔ لوگوں کی مشکلات کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرنے کیلئے ہم نے سندھ کا تفصیلی دورہ کیا وہاں ہماری ملاقاتیں سندھ کے ہر مکتب فکر کے لوگوں سے ہوئی جب ہم نے مختلف سندھی لوگوں سے پوچھا کہ آپ بتائیں گے آپ کے سندھ میں وہ کونسی شخصیت ہے دہشت گرد جس کا نام سنتے ہی کانپتے ہیں۔ خطرناک جرائم پیشہ گروہ جیسے دھوکہ دینے میں کبھی کامیاب نہیں ہوتے جس کا وجود تخریب کاروں، علیحدگی پسندوں، ملک و ملت کے دشمنوں کے ناپاک ارادوں کے خلاف ایک ناقابلِ تسخیر آہنی دیوار ہے جس کی ہلکار سندھی اقدار کے تحفظ اور عزت و وقار کیلئے بے مثال ہے جس کی پکار سندھی عوام کی یکجہتی، پاکستان کی سلامتی و استحکام ہے۔ تو سندھ کے لوگ بے ساختہ پکارتے رہے کہ وہ سندھ کے مرد آہن جام صادق علی ہیں۔

جام صاحب اپنی ذہانت، بے مثال جرأت، انتھک محنت مسلسل جدوجہد اور بے پناہ قربانیوں کی بدولت جو مقام میدان سیاست میں حاصل کیا ہے وہ شائد ہی کسی اور کو نصیب ہو۔ سندھی عوام بطل حریت مرد سندھ جام صادق علی پر نہ صرف فخر کرتے ہیں بلکہ اس تاریخ ساز شخصیت کی عظمت کو سلام کرتے ہیں۔

جام خاندان کا سندھ کی سیاست میں نمایاں رول ہے جام صاحب کے آباو اجداد کی اس ملک کو بنانے میں بے شمار خدمات ہیں۔ بحیثیت انسان جام صادق علی واقعی نیک سیرت خوش گفتار، حاضر دماغ، روشن خیال، سادہ طبع درویش منش، انتہائی سخی دل غریب پرور انسان ہیں پیروں فقیروں کے تہہ دل سے قدردان ہیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں بے دریغ خرچ کرتے ہیں آپ کی ذات میں وہ تمام صفات موجود ہیں جو ایک اچھے سچے مسلمان میں ہوتی ہیں۔

جام صاحب کی شخصیت کے بارے میں ہمارا نقطہ نظر یہ ہے کہ ایثار و وفار کا جو پھول جام صادق علی کے روپ میں سندھ میں کھلا ہے۔ اس کی خوشبو پاکستان بالخصوص سندھ کے درو دیوار سے محسوس ہوتی ہے۔ سندھ کی تاریخ لکھنے والے یہ لکھنے پر مجبور ہوں گے کہ جام صادق علی جیسی شخصیات دنیا میں بار بار جنم نہیں لیتی رب کریم کا ان پر خصوصی فضل و کرم ہے قدرت اس عظیم المرتبت انسان سے کوئی بڑا کام



سندھ کے اجتماعی مفاد میں جام صاحب نے جو ٹھوس انقلابی اقدامات کیے ہیں ان کی جرت مندانہ قیادت نے مرکز سے ۱۴ ارب روپے کی خطیر گرانٹ سندھ کی تعمیر کیلئے حاصل کی، سندھ کی تعمیر نو میں بے شمار ترقیاتی کام کیے، ہیں حقیقی معنوں میں جام صاحب کے دور میں سندھ کا وقار بلند ہوا ہے جس سے سندھ کا عام آدمی بھی خوش ہے جام صاحب سندھ کے عام شہری کو فائدہ پہنچانے کیلئے بڑے جرت مندانہ اقدامات کر رہے ہیں جام حکومت کا کمال ہے۔ امن و امان کی بحالی میں حیرت انگیز کمی واقع ہوئی ہے ہماری جام صاحب سے تفصیلی ملاقاتیں ہوئیں ہم اس نتیجہ پر پہنچے جام صادق کی سحر انگیز قدآور شخصیت کے پاس سندھ کے سلگتے ہوئے مسائل کا حل موجود ہے۔ سندھ میں امن و آشتی کا پرچار جام صاحب کا مشن ہے سندھی قوتوں میں اتحاد یکجہتی کا فروغ جام صاحب کا پروگرام ہے۔ منافقت اور مصلحت کی سیاست کا خاتمہ جام صاحب کی اولین خواہش ہے سندھی عوام کی ترقی و خوشحالی جام صاحب کی قابل تحسین جدوجہد کا حصہ ہے۔ جام



صاحب کی شخصیت میں عاجزی، انکساری ہمدردی، وطن پرستی اور ایثار و وفا کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ دوستوں اور دشمنوں میں تمیز رکھنا جانتے ہیں۔ دہشت گردوں، شرپسندوں لٹیروں، ڈاکوؤں

جام صادق علی جیسی شخصیات دنیا میں بار بار پیدا نہیں ہوتیں

اور قومی مجرموں کے خلاف ننگی اور کھلی تلوار ہیں جام صاحب کی شخصیت کا کمال ہے۔ بڑے بڑے پیشن گوئیاں کرنے والے افواہ ساز صحافی، تجزیہ نگار ورطہ حیرت میں گم ہیں۔ چاروں طرف سازشوں کے

باوجود جام صاحب بڑی جرت مندی اور پامردی کے ساتھ حکومت چلا رہے ہیں مخالفین کے خطرناک عزائم کو ناکام بنا کر عبرتناک شکست سے دو چار کر رہے ہیں۔ ہمارے ہاں المیہ یہ ہے کہ ہم کسی کے بارے میں رائے قائم کرنے میں بڑی عجلت سے کام

لیتے ہیں اس عجلت میں ہم تصویر کے دونوں رخ نہیں دیکھتے ایک رخ ہماری نظروں سے اوجھل رہتا ہے

اس طرح پی ڈی اے نے بھی جام صادق علی کی شخصیت کے بارے میں رائے قائم کرنے میں بڑی عجلت سے کام لیا ہے۔ جام صاحب کی شخصیت کے اعلیٰ اوصاف کو مسخ کر کے اپوزیشن بے بنیاد پروپیگنڈا مہم چلا رہی ہے جام صاحب کو بطور ہلاکو خان اور ڈکیٹ کا روپ دے کر ہزاروں بیہودہ الزامات لگا کر خوفناک افسانے تراش رہی ہے حالانکہ

یہ لوگ بھی جانتے ہیں جام صاحب بااصول، جراتمند، صاف گو اور نر قسم کے انسان ہیں انہی خوبیوں کی وجہ سے عرصہ دراز جلا وطن رہے، بے شمار صعبتیں اور تکلیفیں برداشت کرتے رہے مارشل لا دور میں اپنے ضمیر کے ہاتھوں مجبور رہ کر نہ بک سکے نہ جھک سکے۔

پیپلز پارٹی کے ورکر یہ تسلیم کرتے ہیں اقتدار کے دنوں میں محترمہ بے نظیر بھٹو نے جام صاحب کی جمہوریت اور پارٹی کے لیے خدمات کا کوئی صلہ نہیں دیا سندھیوں کی سوچ یہ ہے۔ اگر محترمہ بے نظیر بھٹو جام صاحب کو پارٹی میں جائز مقام دیتی جس کے وہ حق دار تھے وہ عزت واحترام دیتی جتنی پارٹی ورکر چاہتے تھے سندھ میں قائم

جام صاحب کا کمال ہے کہ وہ سب سندھی قوتوں کو ساتھ لے کر حکومت چلا رہے ہیں

